Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | بدھ، 9 اکتوبر 2024ء ، 5 ربیع الثانی 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 185

فرنیچر، بلیوبیلے، ڈنر سیٹ سمیت استعمال کی 13 اشیاء گفٹ کی جائیں گی، وزیراعلیٰ مریم نواز

اجتماعی شادیوں کے تاریخی پروگرام کی منظوری

ای بس سروس کی منظوری، پہلے مرحلے میں 27 بسیں آئیں گی، چارجنگ کیلئے 1.2 میگا واٹ کے سولر پینل لگائے جائیں گے، 680 ای بسیں سال کے آخر تک فنکشنل ہونگی

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیرصدارت خصوصی اجلاس میں لاہور ڈویلپمنٹ پلان پیش، دنشت گرد کا جائزہ لیا جارہا ہے

سیکرٹری داخلہ پنجاب کی زیرصدارت امن وامان پارے اعلیٰ سطحی اجلاس

شفافی تعاون تنظیم سربراہی اجلاس کے پیش نظر سیکورٹی کے خصوصی انتظامات کیے جائیں

قومی سلامتی اولین ترجیح، امن وشہریوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا' نورالامین مینگل

لاہور (این این آئی) سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل کی زیرصدارت امن وامان پارے اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں سی سی ٹی او لاہور اداروں کے افسران نے (بقیہ نمبر 2)

بلال صدیق کیانی، چیف سیکرٹری داظہ فضل الرحمان، چیف پولیس آفیسر پنجاب نے شرکت کی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرصدارت صوبائی کابینہ کا 17 واں اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب میں اجتماعی شادیوں کے سب سے بڑے تاریخی پروگرام کی منظوری دی گئی۔ پنجاب بھر میں تین ہزار غریب خاندان کی بچیوں کی اجتماعی شادی کا پراجیکٹ منظور۔ دلہن کو اے بی ایم کارڈ کے ذریعے ایک لاکھ روپے سلامی دی جائے گی۔ فرنیچر، بلیوبیلے، ڈنر سیٹ (بقیہ نمبر 1)

بس اور مسافر وین میں تصادم سے 5 افراد جاں بحق

مسافر وین کوہاٹ سے لاہور جارہی تھی کہ موڑ ے کوٹ عبدالمالک انٹرچینج کے قریب تیز رفتار بس نے مسافر وین کو ٹکر ماری

شیخوپورہ (این این آئی) شیخوپورہ: موڑ ے کوٹ عبدالمالک انٹرچینج کے قریب بس اور مسافر وین کے درمیان تصادم میں 5 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق مسافر وین کوہاٹ سے لاہور جارہی تھی کہ (بقیہ نمبر 3)

پاکستان کا سلامتی کونسل میں اصلاحات پر زور

ماضی کے معاہدوں پر عمل پیرا ہونا ضروری ہے، پچھلے معاہدوں میں تبدیلی قابل قبول نہیں ہے، منیر اکرم

نیویارک (انٹرنیوز) اقوام متحدہ میں پاکستانی مندوب منیر اکرم نے سلامتی کونسل میں اصلاحات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ماضی کے معاہدوں پر عمل پیرا ہونا ضروری ہے، پچھلے معاہدوں میں تبدیلی قابل قبول نہیں ہے، یو این (بقیہ نمبر 4)

زراعت خوراک اور صنعت وتجارت کو ضم کرکے نیا محکمہ قائم

نئے محکمے پراسس کنٹرول اینڈ کموڈیٹیز مینجمنٹ کے ماتحت ہوں گے' حکومت پنجاب کا نوٹیفکیشن جاری

لاہور(این این آئی) پنجاب میں محکمہ زراعت، خوراک اور صنعت وتجارت کو ضم کرکے پراسس کنٹرول اینڈ کموڈیٹیز مجمنٹ کے نام سے نیا محکمہ قائم کردیا گیا۔ حکومت پنجاب کے نوٹیفکیشن کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی اور (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

2014 جیسی کوئی سازش کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے، وزیراعظم

خدمت مشن جاری رہیگا، شہباز شریف

وفاق پر دن رات چڑھائی کی جارہی ہے، گالیاں اور دھمکیاں دی جارہی ہیں، پاکستان کو ترقی کے سفر سے اب کوئی نہیں روک سکے گا، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد (محمد کمل بدر) سے، وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ وفاق پر دن رات چڑھائی کی جارہی ہے، گالیاں اور دھمکیاں دی جارہی ہیں لیکن ہم اب 2014 جیسی کوئی سازش کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے، پاکستان کو ترقی کے سفر سے اب کوئی نہیں روک سکے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس کے دوران دہشت گردی کے واقعات میں جاں بحق افراد کے لیے فاتحہ خوانی کروائی گئی۔ شہباز (بقیہ نمبر 1)

ہم نے فلسطین کے موقف کو زندہ رکھا، مولانا فضل الرحمان

کراچی (آئی آر پی) برہ بات جمعیت علماء اسلام مولانا فضل الرحمان کا کہنا ہے کہ ہم نے فلسطین کے موقف کو زندہ رکھا، آج حماس کے مجاہدوں نے ثابتا کہ اسرائیل ہار (بقیہ نمبر 7)

حکومت کیلئے پی ٹی آئی کے خطرہ ہونے کا تاثر ذائل ہوگیا' خواجہ آصف

بانی پی ٹی آئی اسٹیبلشمنٹ سے تعلقات کی بہتری کیلئے استعمال کرنا چاہتے ہیں

اسلام آباد(این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے وضاحت کی ہے کہ بیل منیر کو آمد کی بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کیلئے پی ٹی آئی کے خطرہ ہونے (بقیہ نمبر 6)

قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے مملکتہ وسائل بروئے کار لارہے ہیں

قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے احتیاط، آگاہی اور پیش بندی مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے

قدرتی آفات کے تباہ کن اثرات کم کرنے کے لیے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور(اے ایف پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے تمام مکمل وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ قدرتی آفات سے آگاہی کے قومی دن پر پنجاب میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ بہتر منصوبہ بندی اور آگاہی سے قدرتی آفات کے نقصانات کو کم کیا جاسکتا، قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے احتیاط، آگاہی اور پیش بندی مزید بہتر بنانے کی ضرورت (بقیہ نمبر 8)

وزیراعظم شہباز شریف فلسطین کے لیے امدادی سرگرمیوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

گورنر ہاؤس کے دروازے وکلا کیلئے کھلے ہیں، گورنر پنجاب

اظہار وجہ ترمیم کے بعد انتیسویں زیر دستی کروائی گئی، ضروری نہیں کہ پیپلز پارٹی حکومتی آئینی بیلچ سے متفق ہو

پیپلز پارٹی کسی غیر آئینی ترمیم کا حصہ نہیں بنی، سردار سلیم حیدر کا فیصل آباد ڈسٹرکٹ بار میں وکلا کنونشن سے خطاب

فیصل آباد (انٹرنیوز) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے کہا ہے کہ گورنر ہاؤس کے دروازے وکلا کیلئے کھلے ہیں، آئینی ترمیم کے حوالے سے آج کل بہت شور ہے، آئینی ترمیم میں پیپلز پارٹی اپنی ترامیم شامل کرنا چاہتی ہے، ایک آئینی بیلچ حکومت کا اور ایک پیپلز پارٹی کا ہے، یہ ضروری نہیں کہ پیپلز پارٹی حکومتی آئینی بیلچ سے متفق ہو، اظہار وجہ ترمیم کے بعد انتیسویں زیر دستی کروائی گئی۔ فیصل آباد ڈسٹرکٹ (بقیہ نمبر 8)

کراچی، واٹر ٹینکر کی موٹر سائیکل کو ٹکر، 2 بھائی جاں بحق' غیر اراضی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ڈال کالونی روڈ پر واٹر ٹینکر کی گھر سے موٹر سائیکل سوار دو بھائی جاں بحق اور تیسرا زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق جاں بحق بچوں کی عمریں 10 سے 15 سال کے درمیان تھیں، انہیں اسپتال منتقل کردی گئی ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ فرار ہونے والے ٹینکر ڈرائیور کو گرفتار کرلیا گیا ہے، حادثے سے متعلق مزید تحقیق کی جارہی ہے۔

قصور: ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر خان ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ماہ رنگ بلوچ کو بیرون ملک جانے سے روک دیا گیا

قوم پرست رہنما غیر ملکی ایئرلائن سے امریکہ جانے کی خواہشمند تھیں، ایئرائج

کراچی (این این آئی) قوم پرست رہنما ماہ رنگ بلوچ کو کراچی ایئرپورٹ پر بیرون ملک جانے سے روک دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ماہ رنگ بلوچ غیر ملکی ایئرلائن (بقیہ نمبر 9)

کراچی، پریس کلب میں ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ پریس کانفرنس سے خطاب کررہی ہیں

چینی و دیگر غیر ملکی باشندوں کی سیکیورٹی بڑھانے کی ہدایت

چینی و غیر ملکی شہریوں کی نقل و حرکت کے دوران بلٹ پروف گاڑیوں کا استعمال یقینی بنایا جائے

چینی انسٹالیشنز پر سی سی ٹی وی کیمروں، داخلی وخارجی راستوں، پاسٹوری داخلوں اور مورچوں کو اپ گریڈ کیا جائے، ڈاکٹر عثمان انور

لاہور (انٹرنیوز) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے چینی و دیگر غیر ملکی باشندوں کی سیکیورٹی بڑھانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ چینی و غیر ملکی شہریوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے، غیر ملکیوں کی نقل و حرکت کے دوران بلٹ پروف گاڑیوں کا استعمال یقینی بنایا جائے، چینی انسٹالیشنز پر سی ٹی وی کیمروں، داخلی وخارجی راستوں، پاسٹوری داخلوں اور مورچوں کو اپ گریڈ کیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت اہم اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں صوبہ بھر میں چینی و دیگر غیر ملکی باشندوں کی سیکیورٹی کے (بقیہ نمبر 2)

سرکاری دفاتر میں نائب قاصد کے لئے ڈریس کوڈ جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سرکاری دفاتر میں نائب قاصد کے لئے ڈریس کوڈ جاری کردیا۔ تمام سرکاری دفاتر میں تعینات نائب قاصد ڈریس کوڈ کے مطابق کپڑے پہنیں گے، نائب قاصد سفید شلوار، جیل اور پاؤں واسکٹ پہنیں گے، سینے پر بائیں جانب نام کی پٹی آویزاں کریں گے۔ نائب قاصد (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: وفاقی وزیر ٹرانسپورٹ اور محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے خاص ڈویژن میں بالکنیز کی سرمایا میں سرمایہ کاروں کے ایک گروپ سے ملاقات کی

محکمہ موسمیات نے بارش سے متعلق بڑی پیشگوئی کردی

نارووال' سیالکوٹ' راولپنڈی، منڈی، سعافہ آباد، گجرات' گوجرانوالہ میں بھی بادل برسیں گے

اسلام آباد(این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک کے مختلف شہروں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے مطابق (بقیہ نمبر 0 2)

قومی تعمیراتی صنعت کو بڑھانے کی جانب ایک اہم قدم

نیوٹیک کا نیشنل ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) پاکستان کے ساتھ تاریخی مفاہمت کی یادداشت پر دستخط*

آباد بلڈنگ کنسٹرکشن انڈسٹری کی قومی نمائندہ تنظیم ہے اور 1400 سے زیادہ معروف بلڈرز اس کے ممبر ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) قومی تعمیراتی صنعت کو بڑھانے کی جانب ایک اہم قدم، نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (نیوٹیک) نے ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز پاکستان کے ساتھ مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کر لیے۔ آباد بلڈنگ کنسٹرکشن انڈسٹری کی قومی نمائندہ تنظیم ہے اور 1400 سے زیادہ معروف بلڈرز اس کے ممبر ہیں۔ (بقیہ نمبر 9)

نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (نیوٹیک) نے ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز پاکستان کے ساتھ مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کئے جارہے ہیں

اوورچارجنگ پر شامت، سخت کارروائیاں جاری

اوور لوڈنگ پر بھی سینکڑوں گاڑیوں کا چالان، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ

لاہور (این این آئی) ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بھرمار سے مسلسل کمی ہو رہی ہے جس کا براہ راست فائدہ عوام کو پہنچانے کیلئے صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کے افسران کو ہدایات جاری کر رکھی (بقیہ نمبر 4)

ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کے انسداد سموگ آپریشن میں مزید تیزی

مزید سینکڑوں دھواں چھوڑتی گاڑیوں کا چالان، درجنوں گاڑیاں بند

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان کی ہدایات کی روشنی میں ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کی انسداد سموگ مہم پنجاب کے تمام اضلاع میں جاری ہے جس کے تحت دھواں چھوڑنی اور بغیر فٹنس سرٹیفکیٹ کے چلنے والے گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ سیکرٹری پی ٹی اے فیصل سلطان نے اکتوبر کے پہلے ہفتے میں کی گئی کارروائیوں پر رپورٹ جاری کردی جس کے مطابق انسداد سموگ مہم میں کچھ 7 اکتوبر تک تقریباً (بقیہ نمبر 5)

8 اکتوبر کے ہولناک زلزلے کی 19 ویں برسی

آزاد کشمیر کے مختلف شہروں میں تقاریب کا انعقاد، شہداء وخراج عقیدت، آزاد کشمیر قدرتی آفات سے سب سے زیادہ متاثر

ہمیں خود کو ماحولیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار کرنا، نقصان کم سے کم کرنے کیلئے عوام کو آگاہی فراہم کرنا ہوگی، چودھری انوار الحق

اسلام آباد (انٹرنیوز) وزیر اعظم آزاد کشمیر چودھری انوار الحق نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر ماحولیاتی تبدیلیوں، قدرتی آفات سے سب سے زیادہ متاثر ہے، ہمیں خود کو ماحولیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار کرنا، نقصان کم سے کم کرنے کیلئے عوام کو آگاہی فراہم کرنا ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق 8 اکتوبر 2005ء کو آزاد کشمیر میں آنے والے ہولناک زلزلے کی 19 ویں برسی کے موقع پر (بقیہ نمبر 2)

بند کی جانے والی مجوزہ آئی پی پیز کے نام سامنے آگئے

اسلام آباد (این این آئی) حکومت کی جانب سے مہنگی بجلی کے حوالے پر بندی کی جانے والی 5 مجوزہ آزاد پاور پروڈیوسرز (آئی پی پیز) کے نام سامنے آگئے۔ ذرائع نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں تقریباً 2400 میگاواٹ صلاحیت کی 5 آئی پی پیز بند کرنے کی تجویز دی (بقیہ نمبر 3)

پولیو کے 4 نئے کیسز رپورٹ، رواں برس تعداد 32 ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں پولیو کے مزید 4 نئے کیسز سامنے آگئے جس کے بعد رواں برس مرض سے متاثرہ بچوں کی تعداد 32 تک جا پہنچی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ) کی لیبٹیل رپاٹس لیب نے 4 پولیو کیسز کی تصدیق (بقیہ نمبر 24)

ایوان کا نظام چارٹر کے اصولوں پر عمل سے مضبوط ہوسکتا ہے، منیر اکرم

2030 ایجنڈے کو تیز کرنے کیلئے ماضی کے معاہدوں پر عمل ضروری ہے

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کا نظام چارٹر کے اصولوں پر عمل سے مضبوط ہوسکتا ہے۔ لائیک مائنڈڈ گروپ کا موقف ہے کہ ایوان کا نظام چارٹر کے اصولوں پر عمل سے مضبوط ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 2 2)

وزیر داخلہ محسن نقوی کی سابق وزیر اعلیٰ حمزہ شہباز سے ملاقات

ملک کی مجموعی صورتحال، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور(این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب نائب صدر مسلم لیگ (ن) حمزہ شہباز شریف سے ملاقات کر کے ملک کی مجموعی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں فلسطین پر آل پارٹیز کانفرنس کے کامیاب انعقاد پر اظہار اطمینان کیا گیا۔ اس موقع پر ملک کو درپیش سیاسی، معاشی اور سیکورٹی چیلنجز پر بھی گفتگو کی گئی۔

ایم ڈی این ایم اے کے زیر منعقد تقریب میں مقررین خطاب کررہے ہیں

نان فائلرز کیخلاف 14 اکتوبر کے بعد قانونی کارروائی ہوگی

ایک ہفتے کے دوران مزید 3 لاکھ 92 ہزار سے زائد افراد نے ٹیکس ریٹرنز فائل کردیے

لاہور(این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے نان فائلرز کے خلاف قانونی کارروائی کی وارننگ جاری کردی گئی، ایک ہفتے کے دوران مزید 3 لاکھ 92 ہزار سے زائد افراد نے اپنے ٹیکس ریٹرنز فائل کردیے۔ ایف بی آر کے اعداد و شمار کے (بقیہ نمبر 6)

مختلف منصوبوں پر کام کرنے والے چینی باشندوں کی سیکورٹی سخت

پی ٹی اور راولپنڈی کی جانب سے ایس ڈی پی او اور ضلع بھر کے ایس ایچ او زکو اسلحہ جاری

راولپنڈی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ کے قریب چینی شہریوں کو ٹارگٹ کیے جانیکا مبینہ راولپنڈی میں مختلف منصوبوں پر کام کرنے والے چینی ماہرین اور غیر ملکیوں سمیت کاروبار کرنے اور تفریح کے لیے آنے والے چینی و غیر ملکیوں کی سیکورٹی سخت (بقیہ نمبر 7)

ڈاکوؤں نے شہری کو سینہ طور پر ڈیکتی مزاحمت پر فائرنگ کرکے قتل کردیا

پھلنڑ (این این آئی) کار سوار ڈاکوؤں نے شہری کو سینہ طور پر ڈیکتی مزاحمت پر فائرنگ کرکے قتل کردیا۔ بتایا گیا ہے، شہید نائی نوجوان مڈر سائیکل پر اپنی فیملی کے ہمراہ والد کی پنشن لینے آیا تھا اور واپس اپنے گھر پہنچا تو چوری چادر اٹھا کر کاٹی کی پاور پلانٹ کے قریب کار سوار ڈاکوؤں نے فائرنگ کی جاں بحق (بقیہ نمبر 2 5)

نائب وزیر اعظم محمد اسحاق ڈار کی شاہ سلمان ہیومینٹرین ایڈ اینڈ ریلیف سنٹر کے

تعمیر نو اور بحالی کے منصوبوں کی دستخطی تقریب میں شرکت

کنگ سلمان ریلیف سینٹری جانب سے پاکستان کے لیے کے بڑے عوامی ترقیاتی اور خدماتی منصوبوں کے لیے مشترکہ تعاون پروگراموں کا اعلان

اس منصوبے کے تحت ٹیکل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے لیے قدرتی آفات سے نمٹنے کی صلاحیت کو بہتر بنانے کے لیے ایک قدرتی لاجسٹک حب تعمیر کیا جائے گا

کنگ سلمان ریلیف سینٹر کے ذریعے عوامی للکار) سعودی عرب کے فلاحی ادارے کنگ سلمان ہیومینٹیرین ایڈ اینڈ ریلیف سینٹر کے ذریعے اسلامی جمہوریہ پاکستان میں (تقریباً چار ارب روپے) مالیت کے تعلیم، صحت، بحالی اور ترقیاتی منصوبوں اور خدماتی سہولتوں کے لئے مشترکہ تعاون پروگراموں اور سلمدارمدی معاہدوں پر دستخط کی تقریب منعقد کی گئی۔ اس موقع پر انجینئر احمد الرائیہ اسسٹنٹ سپروائزر (بقیہ نمبر 1 0)

نائب وزیر اعظم محمد اسحاق ڈار کی شاہ سلمان ہیومینٹرین ایڈ اینڈ ریلیف سنٹر کے نمائندوں کی دستخطی تقریب میں شریک ہیں

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

آئی پی پیز اور حکومت بجلی کے نرخ کم کرنے پر متفق

وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ انڈیپینڈنٹ پاور پروڈیوسرز (آئی پی پیز) اور ہم اس بات پر متفق ہیں کہ بجلی کی قیمتیں کم ہونی چاہئیں۔ آئی پی پیز سے دو چار ماہ سے بات چیت کا آغاز کیا ہوا ہے۔ انھوں نے کہا کہ 5 پاور پلانٹ بند کر دیں تو 65 پیسے کا فرق پڑے گا۔ ٹیکس سٹرکچر دیکھا جا رہا ہے، پاور سیکٹر کے لوکل ڈیٹ کو ری پروفائل کی ضرورت ہے۔ 35 روپے میں سے 19 روپے یونٹ کپیسٹی چارجز ہیں، یہ شرح 50 فیصد سے بھی زائد ہے۔ چند ماہ میں بجلی کی قیمتیں کم ہوں گی۔ دوسری جانب، سابق نگران وزیر گوہر اعجاز نے انکشاف کیا ہے کہ پانچ پلانٹ جو بجلی بنا ہی نہیں رہے تھے انھیں باقاعدگی سے پیسے دیے جا رہے تھے۔ معاہدے ہوئے بجلی بناو یا نہ بناو پیسے دیں گے۔ بجلی بنانے کے پانچ ہزار کروڑ وصول کیے جبکہ بجلی نہ بنانے کے 26 ہزار کروڑ روپے وصول ہو رہے ہیں۔ مہنگی بجلی کے باعث صنعت کار اور دوسرا کاروباری طبقہ ہی پریشان نہیں ہے، عام آدمی کے لیے بھی بجلی کے بھاری بلوں کی ادائیگی وبال جان بنی ہوئی ہے جس کا اتحادی حکومت کو بخوبی ادراک ہے۔ عوام یہ پوچھنے میں حق بجانب ہیں کہ جو پاور پلانٹس بجلی پیدا ہی نہیں کر رہے انھیں اربوں کھربوں روپے کس مد میں دیے جا رہے ہیں۔ اس سے تو یہی تاثر پختہ ہوا ہے کہ آئی پی پیز کے ساتھ کیے جانے والے معاہدوں میں قومی مفاد کے بجائے اپنا کمیشن کھرا کر کے ان پاور کمپنیوں کو بھرپور فائدہ پہنچایا گیا جس کا خمیازہ غریب عوام بھاری بلوں کی صورت میں بھگت رہے ہیں۔ گوہر اعجاز نگران وزیر رہ چکے ہیں، ان کی جانب سے کیا گیا انکشاف پوری قوم کے لیے حیرت انگیز ہی نہیں، دکھ کا باعث بھی بنا ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ جن پاور کمپنیوں کو بنا بجلی بنائے کروڑوں روپے ادا کیے گئے ہیں ان کی واپسی کا تقاضا کیا جائے اور اس رقم کو بلوں میں ایڈجسٹ کر کے عوام کو ریلیف دیا جائے۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ آئی پی پیز اور حکومت اس بات پر متفق ہیں کہ بجلی کی قیمتیں کم ہونی چاہئیں جس کے لیے دونوں کے درمیان بات چیت کا آغاز بھی ہو چکا ہے۔ عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے بجلی کے نرخ کم سے کم سطح پر لائے جائیں، بالخصوص بجلی کے بلوں میں لگائے گئے ناجائز اور ناروا ٹیکسز ختم کر کے عوام کے کندھوں سے یہ بوجھ اتارا جائے۔

ایک شام ممتاز ملک صاحبہ کے نام

پیرس سے تشریف لائی ہوئی معروف اردو پنجابی شاعرہ، ادیبہ و سماجی شخصیت ممتاز ملک صاحبہ کے اعزاز میں، اٹلی کی معروف سماجی شخصیت کے جناب محمد نواز گلیانہ صاحب کے تعاون سے، پنجاب کونسل آف آرٹس راولپنڈی میں ممتاز ملک صاحبہ کی دو کتابوں کی تقریب رونمائی اور شاندار مشاعرہ کا انعقاد کیا گیا۔ جس کی صدارت لاہور سے تشریف لائے اردو پنجابی شاعر، معروف ادبی و سماجی شخصیت نواب کفایت حسین اعوان قطب شاہی صاحب نے کی۔ تقریب کی میزبانی پنجابی کی معروف شاعرہ و براڈ کاسٹر رفعت انجم صاحبہ نے کی جبکہ نظامت کے فرائض عہد حاضر کے نامور شاعر اور بین الاقوامی مشاعروں کی نظامت کرنے والے اردو، پنجابی کے معروف شاعر و براڈ کاسٹر نصرت یاب نصرت صاحب نے انجام دیے۔
تقریب میں نامور شعرا و ادباء کے ساتھ ساتھ دورِ حاضر کے ابھرتے ہوئے نامور شعراء کرام نے بھرپور شرکت کی۔ جبکہ مہمانانِ خصوصی و مہمانانِ اعزاز میں جناب نسیم سحر، جناب قیوم طاہر، محترمہ محمودہ غازیہ، محترمہ یٰسین یونس، شامل ہیں۔ دیگر شعرا کرام میں جناب فرخ ضیا مشتاق، جناب اطہر ضیا مشتاق، جناب ایوب جوزف، جناب عبدالقادر تاباں، جناب مبشر سلیم بشر، جناب ظہیر گیلانی، جناب ازور لون، جناب محمد گل نازک، شوکت رندھاوا، تجمل شاہ، پروفیسر سلیم زیب، اشفاق بٹ، شجاع الدین شافی، عالی شعار بنگش، سبطین رضوی، محمد زبیر، ڈاکٹر فوزیہ سحر ملک، محترمہ خیر النسا خیری اور محترمہ شیریں سید نے اپنے کلام پیش کیے۔ تقریب کے اختتام پر شعرا کرام نے ممتاز ملک صاحبہ اور نواب کفایت حسین قطب شاہی سے ان کے خوبصورت شعری مجموعے وصول کیے اور انہیں اپنی کتابیں پیش کیں۔ ممتاز ملک صاحبہ کے اعزاز میں سجائی جانے والی اس خوبصورت شام کو تا دیر یاد رکھا جائے گا۔

موت کی یاد۔۔۔خوبصورت زندگی کی ضمانت

تجمل ملک (اسلام آباد)

کبھی کبھی میں سوچتی ہوں کہ زمین پر انسان کا مقسوم کیا ہے، موت؟
اور موت سے پہلے وہ زندگی جسے بطور نعمت عطا کیا گیا جسے خوبصورت رنگوں اور مسکراہٹوں سے مزین کیا گیا جسے جینے کے لیے ہزاروں لاکھوں آسائشیں عطا کی گئیں اور اس زندگی کو جینے اور زندہ رہنے کے لیے سب کو برابر حقوق کا درجہ دیا گیا لیکن ہم نے یعنی انسانوں نے کیا کیا کہ زندگی اور زندگی کے ہر ایک کو برابر حقوق دینے والے احکامات کو بھلا کر اس کی آسائشوں پر صرف اور صرف اپنا حق جمانے کے چکر میں زندگی کو اپنے لیے ایک رسوا کن مشقت بنا لیا اور زندگی کو صحت افزا ورزش کی بجائے ایسی آزمائش بنایا جس نے انسان کا حلیہ ہی بگاڑ کے رکھ دیا اور ایک ایسی ورزش جس سے جوڑ جوڑ دکھنے لگے اور موت سے پہلے انسان کئی موتیں مرنے لگا۔
مسابقت کے اس میدان میں انسانوں کا ہجوم بری طرح دوڑ رہا ہے اور اس دوڑ سے اس کے پیروں میں چھالے پڑ گئے ہیں اوسان خطا ہو گئے ہیں لیکن پھر بھی دوڑ رہے ہیں اور سمجھ یہ نہیں آ رہا کہ اس دور میں وہ کس سے آگے نکلنا چاہتے ہیں اور کتنا؟ کیا انسان خود سے بھی آگے نکلنا چاہتا ہے؟ ایسا لگتا ہے کہ برتری، مقابلے، شہرت اور پیسے کی اس دوڑ میں انسان اندھا ہو گیا ہے اگر اندھا نہ ہوتا تو دیکھ سکتا کہ اس ترقی کی دوڑ میں کس قدر پیچھے کی طرف دور جا پہنچا ہے۔ مسابقت حق ناشناسی، بے حیائی، ظلم، ناانصافی کے اس مقام پر جا کھڑا ہوا ہے کہ جہاں پر شنوائی کے کان بہرے اور بینائی کی آنکھیں اندھی ہو گئی ہیں اور ہم میں سے ہر ایک یہ گمان کر رہا ہے کہ اس کے سوا کوئی دوسرا موجود نہیں لہٰذا جو کچھ بھی ہے اس کا ہے اور اسی کی مرضی سے ہوگا اور وہ اپنی جگہ پہ بالکل درست ہے۔
ہر کوئی یہ چاہتا ہے کہ دوسرا اس کے راستے سے ہٹ جائے وہ سب سے آگے نکل جائے میں نے زندگی کے 40 سالوں میں یہ مشاہدہ کیا کہ زندگی میں جو اپنی حدود سے تجاوز کرتا ہے وہ فائدے میں رہتا ہے اور جو حدود میں رہتا ہے وہ مارا جاتا ہے۔ کبھی اپنے حالات کے ہاتھوں کبھی معاشرے کے ہاتھوں کبھی انسانوں کے ہاتھوں کبھی اخراجات کے ہاتھوں اور کبھی سرکار کے ہاتھوں۔
مرنے سے ایک بات دل و دماغ میں آتی ہے کہ دنیا کی تاریخ میں کسی جانور یا کسی اور مخلوق نے آج تک انسان کو اتنا نہیں مارا جتنا انسان نے انسان کو مارا ہے۔ اس اشرف المخلوقات نے انسان کو جنگوں میں مارا، رشتوں میں مارا، محبت میں مارا، دھوکے فریب سے مارا، اعتماد سے مارا، اعتبار میں لے کے مارا، انسان وہ واحد حیوان ہے جو اپنی ہی نسل کو شکار کرنا پسند کرتا ہے اس انسان کے اتنے بہروپ اتنے رنگ ہیں کہ اسے خود بھی نہیں پتہ۔
کوئی دوست کے روپ میں شکار کرتا ہے تو کوئی دشمن کے روپ میں کوئی مسافر کے روپ میں لٹیرا ہے تو کوئی برتری کے احساس کا غلام، کسی کو ایمانداری کا غرور ہے تو کسی کو شہرت و دولت کا نشہ اور اس سب نے انسان کو سب کچھ بن کر رہنا سکھایا اور انسان نے سکھا لیا اگر نہیں سیکھا تو انسان بن کر رہنا اور جینا نہیں سیکھا۔
دراصل ہم جو زندگی گزار رہے ہیں اسی کو ہی عین فطرت ثابت کرنے پر تلے ہوئے ہیں جبکہ یہ سراسر خلاف فطرت ہے اور اسی امر نے زندگی کی فطرت کو مسخ کر کے رکھ دیا ہے، جس کی وجہ سے صحیح کو غلط قرار دیا گیا ہے اور جو غلط ہے وہ صحیح قرار پا رہا ہے
اب اس صورتحال نے ہمارے دماغ ماوف کر دیے ہیں۔ سوچوں کو مسخ کر دیا گیا ہے۔ کسی کو کچھ سمجھ ہی نہیں آ رہا کہ وہ جس ترقی اور روشنی کی تلاش میں اپنے آپ کو بھی پیچھے چھوڑ کر دوڑا تھا تو وہ صرف ایک کال کوٹھری ہے جس میں ہر طرف اندھیرا ہے اور کسی کو کچھ بھائی نہیں دے رہا اور کچھ پتہ نہیں چل رہا کہ کس کا ہاتھ کس کے گریبان پر ہے اور اس صورتحال نے دماغ کو ایک جھنجلاہٹ میں مبتلا کر دیا ہے اور ایک ایسی جھنجلاہٹ جس میں سمجھ ہی نہیں آ رہا کہ انسان اتنا اونچا کیا نیچے چھلانگ لگانے کے لیے اٹھا تھا۔
میرے خیال میں انسان تاریخ کی اس کال کوٹھری میں محصور ہو گیا ہے جہاں پر ہر طرف کالک اڑ رہی ہے اور وہ وقت قریب لگتا ہے جب انسان اپنے ہاتھوں سے ہی اپنا منہ چھپاتا پھرے گا تاکہ چہرے سیاہ نہ ہو جائیں لیکن یہ سیاہی خود انسان نے اپنی قسمت میں لکھی ہے۔
لہٰذا مجھے تو اس صورتحال سے صرف یہی لگ رہی ہے کہ چہرے تو سیاہ ہو چکا ہیں دل کو سیاہ ہونے سے بچالیں تو شاید زندگی کو بچایا جا سکتا ہے ورنہ نہیں۔
اب جو بات ہم لوگوں کو سوچنے کی ہے وہ صرف اتنی سی ہے کہ جس شہرت دولت بلندی ترقی اور خوبصورتی کے لیے انسان نجو کو انسانیت اور اشرف المخلوقات کے درجے سے گرایا، غرور و گھمنڈ کو اپنی پہچان بنایا اور خوبصورتی کے لیے اپنی ہی صورتوں کو مسخ کیا اور اس دوڑ میں بہت سے لوگوں کو اپنے رویوں سے اپنی باتوں سے اس لیے کچلا اور روندا کہ ہم بہترین رہیں تو ہمیں یہ بات جان لینی چاہیے کہ اس دنیا میں ہر چیز عارضی ہے، سب مائع ہے اور سچ صرف فنا ہے، انسان کو پہچان لینا چاہیے کہ موت اٹل حقیقت ہے اور یہ پہچان ہی عرفان ذات اور ایمان ہے اور یہ عرفان ذات ہی انسان کو دوبارہ انسان کے درجے پر فائز کر سکتا ہے تاکہ اللہ کی دی ہی خوبصورت زندگی کو پوری خوبصورتی و توانائی کے ساتھ گزار سکیں کیونکہ ہم حسین ترین امیر ترین اور زندگی میں ہر حوالے سے بہترین ہو کر بھی مر جائیں گے۔ کسی نے کیا خوبصورت بات کی ہے۔

آمدِ غوثؒ

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

روز اول سے اس رنگ و بو کی دنیا میں حضرت انسان اپنے حصے کا کردار اور اظہار کرتا ہے اور مٹی کے ڈھیر میں تبدیل ہو کر مٹی کا حصہ بن جاتا ہے انسان اپنی فطرت اور مزاج میں عجب مجموعہ ہے عفو و درگزر پر آئے تو قاتل کو شربت کا جام پیش کر دیتا ہے اور اگر دشمنی اور انتقام پر آئے تو مخالف کی آنکھوں میں گرم لوہے کی سلاخیں پھروا دیتا ہے۔ بے نیاز قلندری اس قدر کہ تخت شاہی چھوڑ کر بن باس لیتا ہے اور حریص اس قدر کہ تخت شاہی اور اقتدار کے لیے باپ کو جیل بھجوا کر بھائیوں کی گردنیں تن سے جدا کر کے زندہ کھال کھنچوا دیتا ہے۔ سخی اتنا کہ ہزاروں بار کسی کی جان بچانے کے لیے اپنی جان دینے کو تیار اور بخیل اس قدر کہ چند سکوں کی خاطر اپنے بھائیوں کا خون بہا دیتا ہے مال و دولت اکٹھی کرنے پر آئے تو لگتا ہے ہزاروں برس زندہ رہے گا اور اگر قربانی پر آئے تو یوں لگتا ہے اگلے ہی لمحے مرنے والا ہے۔ یقیناً حضرت انسان کا یہی تضاد کائنات کا اصل حسن ہے۔ کرہ ارض پر اربوں انسانوں کے اس ہجوم میں ایک مقدس گروہ ایسا بھی ہر دور میں رہا ہے جو کائنات کے لازوال حسن اور ترتیب کو دیکھ کر خالق کائنات کے عشق میں گرفتار ہو جاتا ہے پھر یہ لوگ مالک بے نیاز کے قرب کے لیے اپنے جسم اور روح کی کثافتوں کو لطافتوں میں بدلنے کے لیے عبادت ریاضت اور مجاہدے کو اپنی زندگی کا حصہ بناتے ہیں جب یہ اپنی اس کوشش میں خالق ارض و سما کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں تو اول و آخر ظاہر و باطن رحمٰن رحیم کریم ان پر محبت بھری ایک نظر ڈالتا ہے جیسے ہی مالک بے نیاز کی پہلی تجلی کسی عاشق الٰہی پر وارد ہوتی ہے تو عاشق و سالک خلوت گزینی تنہائی کی طرف مائل ہو جاتا ہے دنیا کے ہنگاموں سے دل اچاٹ ہو جاتا ہے کائنات کے حسن اور خالق کے جلووں میں ایسا گم ہو جاتا ہے کہ دنیا کی خبر نہیں رہتی خالق کائنات اور مظاہر فطرت پر غور و فکر اور مراقبہ عاشق پر غالب آ جاتا ہے ایسے لوگ پھر پہاڑوں، غاروں، صحراوں اور دریا کے کناروں کا رخ کرتے ہیں۔ دریا کا پانی مٹی کی خوشبو آزاد ہوائیں فضائیں سالک کی روح کو معطر اور مشام کو مسحور کر دیتی ہیں۔ چند صدیاں پہلے ایک نوجوان پر ایسی ہی تجلی وارد ہوئی تو وہ ذہنی آسودگی اور اطمینان قلب کے لیے دنیا کو چھوڑ کر دریا کے کنارے ڈیرا لگاتا ہے۔ دریا کا پانی اور آزاد ہواں فضاوں نے اس پر اور بھی جذب و سکر کا غلبہ کر دیا کئی دن اسی استغراق کے عالم میں گزر گئے کئی دن کی بھوک کے بعد جسم پر کمزوری نے غلبہ ڈالنا شروع کر دیا۔ نوجوان نے ادھر ادھر دیکھا لیکن یہاں پر کھانے کو کچھ نہ تھا اچانک دریا میں بہتے ہوئے سیب پر نظر پڑی نوجوان نے سیب کو رازق عالم کی رزاقی سمجھا پکڑا اور کھا لیا۔ سیب کھانے کے بعد طمانیت کا احساس ہوا لیکن اچانک دماغ میں ایک اندیشے نے سر ابھارا کہ یہ سیب کس کا تھا اس کا مالک کون تھا میں نے مالک کی مرضی کے بغیر ہی سیب کھا لیا یہ تو چوری ہو گئی نوجوان کی روحانی کیفیت بسط سے قبض میں تبدیل ہو گئی کہ میں نے مالک کی مرضی کے بغیر سیب کھا لیا نوجوان کا اضطراب وحشت میں بدل گیا۔ بے قراری اس قدر بڑھ گئی کہ جدھر سے سیب آیا تھا ادھر بھاگنا شروع کر دیا۔ کافی لمبے سفر کے بعد اسے سیبوں کا باغ دکھائی دیا کیونکہ سیبوں کے درخت دریا کے اوپر جھکے ہوئے تھے۔ نوجوان کو یقین ہو گیا کہ وہ سیب اسی باغ سے گیا تھا نوجوان تیزی سے باغ میں داخل ہوا تو سامنے ایک مزدور ملا اس سے مالک کا پوچھا تھوڑی دیر میں ہی باغ کا مالک ایک بوڑھا شخص آ گیا بوڑھے شخص کے چہرے پر ملکوتی نور پھیلا ہوا تھا بوڑھے مالک نے دلنواز تبسم سے نوجوان سے آنے کا سبب پوچھا تو نوجوان نے سارا واقعہ سنا دیا اور کہا کیونکہ میں نے سیب کھا کر جرم کیا ہے اس لیے آپ مجھے اس جرم کی سزا دیں باغ کے مالک نے غور سے نوجوان کو سر سے پاں تک دیکھا اور سنجیدہ لہجے میں کہا میرا تمہارا احسان برابر ہو سکتا ہے لیکن اس کی دو شرطیں ہوں گی۔ پہلی شرط یہ ہو گی کہ تم ایک ماہ مسلسل میرے باغ کو پانی دو گے جب تم یہ ڈیوٹی احسن طریقے سے سر انجام دے دو گے تو میں تمہیں دوسری شرط بتاں گا اب ان دونوں شرطوں میں سے اگر تم نے ایک بھی پوری نہ کی تو روز محشر تم میرے قرض دار ہو گے نوجوان نے فوری طور پر اقرار میں گردن ہلا دی کہ مجھے آپ کی دونوں شرطیں منظور ہیں بوڑھے مالک نے حیرت اور سکوت سے نوجوان کو دیکھا اور کہا تم ٹھیک ہو، تم آج سے ہی اپنی ڈیوٹی شروع کر دو ٹھیک ایک ماہ بعد تم سے ملاقات ہو گی بوڑھا شخص یہ کہہ کر چلا گیا۔ نوجوان نے بہت ایمان داری اور محنت سے ایک ماہ باغ کو پانی دیا۔ نوجوان ایک بار پھر باغ کے مالک کے سامنے سر جھکائے کھڑا اگلے حکم کا منتظر تھا باغ کا مالک حیرت سے نوجوان کو دیکھ رہا تھا۔ جس کے ماتھے پر عبادت کا نشان اور کردار کا نور چمک رہا تھا جو اپنی دوسری شرط پوری کر کے احساس ندامت کے سمندر سے نکلنا چاہتا تھا بوڑھے مالک نے غور سے نوجوان کو دیکھا اور دوسری شرط بیان کی کہ دوسری شرط کے مطابق تمہیں میری بیٹی سے شادی کرنا ہو گی۔ نوجوان نے حیرت سے مالک کی طرف دیکھا اور کہا میں آپ کی بیٹی سے شادی کرنے کے لیے تیار ہوں اب بوڑھا مالک سنجیدہ لہجے میں بولا میں شادی سے پہلے تمہیں اپنی بیٹی کے عیب بتا دینا چاہتا ہوں میری بیٹی پیدائشی بدصورت ہے گردش تقدیر نے اسے اندھا اور اپاہج بنا دیا ہے۔ نوجوان نے بات سن کر کہا اے محترم انسان کیا آپ کی اندھی اور معذور لڑکی سے شادی کر کے میری غلطی معاف ہو سکتی ہے۔ نوجوان کا سوال سن کر باغ کا مالک بھی پریشان سا ہو گیا اور بولا دنیاوی قانون کے مطابق تو یہ شرط ٹھیک نہیں لیکن میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ تمہاری معافی اسی صورت پوری ہو گی جب تم میری دوسری شرط پوری کرو گے۔ نوجوان نے دل میں اپنے خدا کو یاد کیا اور دعا کی کہ اے مالک مجھے استقامت دے اور پھر نوجوان نے اپنی رضا مندی کا اظہار کر دیا۔ بوڑھے شخص نے جلدی جلدی شادی اور نکاح کے سارے انتظامات کر دیے بوڑھے باپ اور نوجوان کے چہروں پر خاص قسم کا نور پھیلا ہوا تھا جو واضح طور پر اس چیز کی نشاندہی کر رہا تھا کہ دونوں کے چہروں پر فرض کی ادائیگی کا نور تھا۔ اور پھر رات کو نوجوان اپنی دلہن کے کمرے میں گیا تو اس کو خوشگوار جھٹکا لگا اندر جو لڑکی تھی وہ صحت مند اور بہت خوبصورت تھی نہ ہی وہ اندھی تھی اور نہ ہی معذور نوجوان تیزی سے باہر نکلا اور اپنے خسر کے پاس جا کر کہا کہ اندر کوئی اور لڑکی بیٹھی ہے تو خسر مسکرایا اور کہا اے بچے وہ تیری ہی بیوی ہے اور مالک کائنات نے تجھے اس آزمائش میں ثابت قدم رکھا۔ مگر آپ نے غلط بیانی سے کیوں کام لیا؟ نوجوان سچ جاننے کے لیے بے قرار تھا۔ تو بوڑھا بولا نوجوان میں نے جھوٹ نہیں بولا میں نے اپنی بیٹی کی پرورش اسلام کے مطابق کی ہے وہ آج تک کسی نامحرم کے سامنے نہیں آئی اس لیے وہ اندھی ہے اور آج تک اس کے قدم گناہ کی طرف نہیں اٹھے اس لیے وہ اپاہج ہے۔ نوجوان نے خوشگوار حیرت سے اپنے خسر کی باتیں سنیں مالک خدا کا شکر ادا کر کے اپنے کمرے میں داخل ہو گیا جہاں نیک پاکباز دوشیزہ اس کا انتظار کر رہی تھی۔ باغ کے مالک کا نام حضرت سید عبداللہ صومعی تھا جو اپنے وقت کے بہت بڑے صوفی تھے ان کا سلسلہ نسب تیرھویں پشت سے حضرت حسین سے مل جاتا ہے ان کی بیٹی کا نام فاطمہ تھا جو اپنے وقت کی بہت بڑی عابدہ اور نیک خاتون تھیں اور نوجوان جس سے سیدہ فاطمہ کی شادی ہوئی وہ اپنے وقت کے نامور بزرگ حضرت سید ابو صالح موسیٰ تھے۔ قدرت کا ایک بہت خوبصورت راز ہے جب وہ اپنے کسی خاص بندے کو دنیا میں بھیجتا ہے تو اس کے لیے شاندار زمین تیار کرتا ہے جس میں دنیا کی انمول فصل تیار ہو سکے سیب کھانے والے نوجوان اور عظیم صوفی کی بیٹی یہی وہ عظیم والدین تھے جن کے گھر میں اولیا کے سرتاج اولیا کے چاند روشن ہوئے جس کو دنیا غوث اعظم سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی کے نام سے جانتی ہے۔

شوبز SHOWBIZ

ثناء جاوید سے علیحدگی، گلوکار عمیر جسوال نے دوسری شادی کرلی

تاہم، گلوکار نے اپنی نئی دلہن کی شناخت ابھی تک ظاہر نہیں کی

کراچی (این این آئی) معروف گلوکار عمیر جسوال نے اپنی دوسری شادی کا اعلان کر کے سب کو حیران کر دیا جو ان کی اداکارہ ثنا جاوید سے علیحدگی کے چند ماہ بعد ہوئی ہے۔ انسٹاگرام پر گلوکار نے اپنی شادی کی تقریب کی تصویر شیئر کی جس میں وہ کریم رنگ کا لباس پہنے اور پگڑی باندھے نظر آئے۔ تاہم، گلوکار نے اپنی نئی دلہن کی شناخت ابھی تک ظاہر نہیں کی۔ مداحوں نے عمیر جسوال کو ان کی زندگی کے اس نئے باب کے آغاز پر مبارکباد دی اور ان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

اداکارہ سارہ خان نے اپنے "رونے" کا راز بتادیا

"میری زندگی میں بہت سے افسوسناک واقعات رونما ہوئے ہیں"

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان کی باصلاحیت اداکارہ سارہ خان نے اپنے مختلف ڈراموں میں رونے والے کرداروں پر بات کرتے ہوئے ایک بڑا راز فاش کیا ہے۔ سارہ خان ایک بہترین پاکستانی اداکارہ ہیں جو اپنے ڈراموں "دھمکن"، "لاپتا"، "میرے بے وفا"، "تمہارے ہیں"، "ہم تم"، "رقص بسمل"، "نمک حرام" اور "سبط" کیلئے جانی جاتی ہیں۔ سارہ خان اکثر ڈراموں میں ایسے کرداروں میں نظر آتی ہیں جن میں رونا پڑتا ہے۔ حال ہی میں سارہ خان نے برطانیہ میں ایک تقریب کے دوران ڈراموں میں اپنے رونے والے سین سے متعلق بات کی۔ ڈراموں میں رونے کے مناظر فلمانے کے حوالے سے بات کرتے ہوئے سارہ خان نے کہا کہ میں زیادہ تر اداس کردار ادا کرتی ہوں لیکن مناظر کے دوران رو نہیں سکتی۔ میں دکھی مناظر میں بھی بمشکل ہی رو پاتی ہوں۔

500 کروڑ کا ایپ فراڈ اسکینڈل، ریا چکرورتی کو پولیس نے طلب کرلیا

ریا چکرورتی کا اس معاملے میں شامل ہونا سب کے لیے حیران کن ہے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ ریا چکرورتی کو دہلی پولیس کے اسپیشل سیل کے انٹیلی جنس فیوژن اینڈ اسٹریٹجک آپریشنز یونٹ نے HIBOX ایپ اسکینڈل کے سلسلے میں طلب کیا ہے۔ یہ اسکینڈل مبینہ طور پر 500 کروڑ روپے کی دھوکہ دہی سے متعلق ہے جس میں سرمایہ کاروں کو روزانہ کی بڑی واپسی کا جھوٹا وعدہ کیا گیا تھا۔ 9 اکتوبر کو ہونے والی اس تفتیش میں اداکارہ کا بیان لیا جائے گا HIBOX موبائل ایپ فروری 2024 میں لانچ کی گئی تھی اور تقریباً 30,000 سرمایہ کاروں کو راغب کیا گیا۔

بگ باس میں سلمان خان کو دلہن تلاش کرکے دینے کی پیشکش

پوکی بابا نے سلمان خان کو یقین دلایا کہ جو دلہن میں تلاش کروں گا وہ بھاگے گی نہیں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان بگ باس کے نئے سیزن کے میزبان کے طور پر واپس آ رہے ہیں، جہاں انہیں دلہن تلاش کر کے دینے کی بھی پیشکش کر دی گئی۔ اس سلسلے میں کلرز ٹی وی کی جانب سے جاری ہونے والے پروموں میں بگ باس 18 شو میں ہندو مذہبی رہنما اور قصہ گو انیرودھا چاریہ، جو کہ پوکی بابا کے نام سے معروف ہیں، نے سلمان خان کو دلہن تلاش کر کے دینے کی پیشکش کر دی۔ بگ باس کے نئے سیزن کے دوران خود ساختہ پوکی بابا نے مقابلے کے شرکا کو زندگی کے بارے میں

مقامی زبان میں بنی فلم نے "استری 2" کو مات دے دی

ممبئی (این این آئی) بھارتی باکس آفس پر استری 2 نے تہلکہ مچا دیا تھا لیکن مقامی زبان میں بنی ایک غیر معروف فلم نے منافع کمانے میں اس سے بھی آگے نکل گئی۔ استری 2 نے باکس آفس پر تاریخ رقم کی تھی اور سال کی سب سے زیادہ کمائی کرنے والی ہندی فلم بنی تھی، تاہم راج کمار راؤ کی فلم کالکی 2898 اے ڈی کو پیچھے چھوڑنے میں ناکام رہی تھی جو 2024 میں 1000 کروڑ روپے سے زیادہ کمائی کرنے والی واحد بھارتی فلم ہے۔ تاہم حیرت کی بات یہ ہے کہ ان دونوں میں سے کوئی بھی فلم اس سال بھارتی سنیما میں سب سے زیادہ منافع بخش فلم نہیں ہے، اس کے بجائے صرف 3 کروڑ روپے کے بجٹ کے ساتھ بننے والی مختصر ملیالم فلم نے منافع کے لحاظ سے دونوں ہٹ فلموں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ ملیالم فلموں میں ایک نئی رومانوی فلم "پریما لو" بھی ہے

دلجیت دوسانجھ کے لندن کنسرٹ میں بادشاہ کی سرپرائز انٹری

'دلجیت دوسانجھ کے ساتھ اسٹیج شیئر کرنا میرے لیے جذباتی لمحہ ہے، گلوکار بادشاہ

لندن (این این آئی) پنجابی سپر اسٹار دلجیت دوسانجھ کی دل لومیناٹی ٹور نے دنیا بھر میں مداحوں کو دیوانہ بنا رکھا ہے۔ حال ہی میں لندن کے مشہور O2 ایرینا میں منعقد ہونے والے ان کے کنسرٹ کے دوران ریپر اور گلوکار بادشاہ نے سرپرائز شرکت کی جس نے مداحوں کو حیران کر دیا۔ دونوں فنکاروں نے مل کر فلم کریو کے مشہور گانے 'نینا' پر شاندار پرفارمنس دی جس سے محفل میں جوش و خروش کی لہر دوڑ گئی۔ اس موقع پر دلجیت نے کہا، یہ شخص بہت اچھا انسان ہے، میں اسے 15 سال سے جانتا ہوں اور آج پہلی بار ہم دونوں لندن O2 پر ایک ساتھ پرفارم کر رہے ہیں

اداکار آغا علی نے حنا الطاف سے طلاق کی تصدیق کردی

سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر احمد علی بٹ کے پوڈ کاسٹ کے کلپ وائرل ہو رہے ہیں

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستانی اداکار و گلوکار آغا علی اور اداکارہ حنا الطاف میں علیحدگی کی خبریں دو سال سے زیر گردش تھیں، جس کی تصدیق بالآخر آغا علی نے ایک پوڈ کاسٹ میں کی ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر احمد علی بٹ کے پوڈ کاسٹ کے کلپ وائرل ہو رہے ہیں جس میں آغا علی نے اپنی طلاق کی تصدیق کی ہے۔ انٹرویو کے آغاز میں ہی احمد علی بٹ نے آغا علی کو "دیپیلی ڈیوورس مین" کہہ کر پکارا، جس پر آغا علی نے قہقہہ لگاتے ہوئے کہا کہ 'آپ نے ایک دم کسی کو اونچائی سے نیچے پھینک دیا'۔ آغا علی نے اپنی طلاق کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ یہ بہت مشکل فیصلہ تھا اور زندگی میں کبھی اس کا تصور نہیں کیا تھا۔ میں شکر گزار ہوں کہ ہماری وجہ سے کسی اور جان (بچے) کو مشکلات نہیں اٹھانا پڑیں گی۔ جب میں پانچ سال کا تھا۔

سپورٹس SPORTS

شان مسعود دوسری تیز ترین ٹیسٹ سنچری سکور کرنیوالے کپتان بن گئے

شان مسعود نے انگلینڈ کیخلاف ملتان ٹیسٹ کے پہلے روز محض 102 گیندوں پر اپنی سنچری مکمل کی

ملتان (اے ایف پی) پہلے ٹیسٹ میچ کی پہلی اننگز میں میزبان انگلینڈ کے خلاف پاکستان نے ایک وکٹ کے نقصان پر 210 رنز مکمل کر لیے۔ ملتان جاری ٹیسٹ میں پاکستان نے ٹاس جیت کر بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ اوپنر صائم ایوب 4 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے، کپتان شان مسعود 4 سال بعد ٹیسٹ کرکٹ میں سنچری سکور کرنے میں کامیاب ہو گئے، اوپنر عبداللہ شفیق نصف سنچری بنا کر وکٹ پر موجود ہیں۔ شان مسعود کے 102 گیندوں پر 100 رنز آسٹریلیا کے خلاف مصباح الحق کے 56 گیندوں پر 100 کے بعد ٹیسٹ میں کسی بھی پاکستانی کپتان کی دوسری تیز ترین سنچری ہے۔ یاد رہے کہ انگلینڈ ٹیسٹ ٹیم کے کپتان بین اسٹوکس کی غیر موجودگی میں اولی پوپ ٹیم کی قیادت کر رہے ہیں جب کہ بیٹے کی پیدائش کے باعث بنگلہ دیش کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میچ سے ڈراپ کیے جانے والے قومی فاسٹ باؤلر شاہین شاہ آفریدی کی ٹیم میں واپسی ہوئی ہے۔ ٹاس کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود نے کہا کہ ہمارے پاس ٹیم میں 2 اسپنرز اور 3 فاسٹ باؤلرز ہیں

جے سوریا کی بطور ہیڈ کوچ لنکن ٹیم تقرری کا باقاعدہ اعلان

کولمبو (سی ایم لنکس) سری لنکا کرکٹ نے سابق کرکٹر سنتھ جے سوریا کو ٹیم کا ہیڈ کوچ مقرر کر دیا۔ سری لنکا کرکٹ نے سنتھ جے سوریا کی تقرری کا باقاعدہ اعلان کر دیا۔ اس حوالے سے سری لنکا کرکٹ کا کہنا ہے کہ ایگزیکٹیو کمیٹی نے ٹیم کی اچھی پرفارمنس کی بنیاد پر جے سوریا کی تقرری کا فیصلہ کیا۔ سری لنکن ٹیم نے بھارت، انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز میں اچھی کارکردگی دکھائی، ان سیریز میں جے سوریا سری لنکا کرکٹ ٹیم کے عبوری کوچ تھے۔ سری لنکا کرکٹ نے کہا کہ جے سوریا کی یکم اکتوبر سے 31 مارچ 2026 تک تقرری کی گئی ہے۔

فیصل اقبال نے عمران خان کیساتھ ماضی کی یادگار تصویر شیئر کردی

سابق کپتان سے ہاتھ ملاتے اور بلا بطور تحفہ وصول کرتے نظر آرہے ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق ٹیسٹ کرکٹر فیصل اقبال نے سابق کپتان عمران خان کے ساتھ ماضی کی یادگار تصویر شیئر کر دی۔ فیصل اقبال نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر ماضی کے جھروکوں سے ایک تصویر شیئر کی ہے، جس میں وہ سابق کپتان عمران خان سے ہاتھ ملاتے اور بلا بطور تحفہ وصول کرتے نظر آ رہے ہیں۔ اپنے پیغام میں سابق ٹیسٹ کرکٹر نے عمران خان کو سالگرہ کی مبارک باد دیتے ہوئے ان کیلئے تہنیتی پیغام بھی تحریر کیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز ورلڈ کپ 1992 کے فاتح کپتان عمران خان 72 برس کے ہوئے تھے جس پر ان کیلئے کرکٹ کے مداحوں کی جانب سے تہنیتی پیغامات بھی شیئر کیے گئے تھے۔

آشا کے آسان کیچ ڈراپ کرنے پر عالیہ ریاض کی شرمیلی مسکراہٹ وائرل

نہایت آسان ڈراپ کیچ پر منہ پر ہاتھ رکھ کر شرمیلے انداز میں مسکراتی نظر آئیں

دبئی (این این آئی) بھارت اور پاکستان کے درمیان میچ کے دوران کرکٹر عالیہ ریاض بھارتی فیلڈر آشا سوبھانہ کی جانب سے آسان کیچ ڈراپ کرنے پر ہنسی نہ روک پائیں۔ ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں پاکستان کی بھارت کے خلاف بیٹنگ جاری تھی، ایسے میں پاکستانی اوپنر منیبہ علی جو کہ 14 رنز پر بیٹنگ کر رہی تھیں انھوں فائن لیگ پر اسکوپ فلک کے ساتھ باؤنڈری مارنے کی کوشش کی۔ تاہم ان کی یہ کوشش بالکل بھی کارگر ثابت نہیں ہوئی اور گیند سیدھی بھارتی فیلڈر آشا سوبھانہ کے ہاتھوں میں چلی گئی، مگر اس وقت عالیہ ریاض اور دیگر کرکٹرز کی حیرت کی انتہا نہیں رہی جب آشا نے آسان کیچ ڈراپ کر دیا۔ اس دوران کیمرہ مین نے کیمرہ پاکستانی ڈریسنگ روم میں بیٹھی آل راؤنڈر عالیہ ریاض کی طرف کیا تو وہ اس نہایت آسان ڈراپ کیچ پر منہ پر ہاتھ رکھ کر شرمیلے انداز میں مسکراتی نظر آئیں۔ خیال رہے کہ ویمنز ٹی 20 ورلڈکپ کے اہم میچ میں بھارت نے پاکستانی خواتین ٹیم کیخلاف 6 وکٹ سے کامیابی حاصل کرلی۔ بھارتی ٹیم نے پاکستان کی جانب سے دیا گیا 106 رنز کا ہدف 19 ویں اوور میں

شاہین آفریدی نئے بال کے ساتھ ایک جادوگر فاسٹ بالر ہیں

پاکستانی ٹیم مختلف اوقات میں بہت خطرناک ثابت ہوسکتی ہے، گلین میکسویل

میلبرن (انٹرنیوز) آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کے آل راؤنڈر گلین میکسویل نے کہا ہے کہ شاہین آفریدی نئے بال کے ساتھ ایک جادوگر فاسٹ بالر ہیں، پاکستان کرکٹ ٹیم کا غیر متوقع ہونا ٹیم کو خوف بنا دیتا ہے، پاکستانی ٹیم مختلف اوقات میں بہت خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔ اپنے ایک بیان میں گلین میکسویل نے کہا کہ پاکستان کرکٹ ٹیم کا غیر متوقع ہونا ٹیم کو خوف بنا دیتا ہے، ماضی میں ہمیں پاکستان کے خلاف چیلنجز کا سامنا رہا ہے، پاکستانی ٹیم مختلف اوقات میں بہت خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے خلاف کھیلتے ہوئے آپ یہ نہیں جان سکتے کہ آپ کو ان سے کیا توقع کرنی چاہیے، ہمیں بابر اعظم کے اوپر نظر رکھنا ہو گی، وہ ایک سپر اسٹار کھلاڑی ہیں۔ آسٹریلوی آل راؤنڈر نے کہا کہ شاہین آفریدی نئے بال کے ساتھ ایک جادوگر فاسٹ بالر ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے پاس ورلڈ کلاس پلیئرز ہیں، ہم آئندہ سیریز میں چیلنج کے منتظر ہیں، ہم سیریز کی تیاری کر رہے ہیں، ہمیں برتری برقرار رکھنے کے لیے بہترین کھیل پیش کرنا ہو گا، ہم اس سیریز کو آسان نہیں لے رہے۔ واضح رہے کہ پاکستان نے آئندہ ماہ وائٹ بال سیریز کے لیے آسٹریلیا کا دورہ کرنا ہے، اس سیریز میں 3 ون ڈے اور 3 ٹی 20 میچز کھیلے جائیں گے۔

بابر اعظم بڑے کھلاڑی ہیں مگر ہماری بولنگ میں ورائٹی موجود ہے، اولی پاپ

بابر اعظم، شاہین آفریدی اور نسیم شاہ بڑے کھلاڑی ہیں لیکن ہمارے پلیئرز محنت کر رہے ہیں

ملتان (اے ایف پی) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے کپتان اولی پوپ نے کہا ہے کہ بابر اعظم بڑے کھلاڑی ہیں مگر ہماری بولنگ میں ورائٹی موجود ہے۔ بین اسٹوکس کی انجری کے باعث پہلے میچ میں انگلش ٹیم کی قیادت اولی پوپ کر رہے ہیں۔ ملتان اسٹیڈیم میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اولی پوپ نے کہا کہ پاکستان ٹیم حال میں اچھا نہیں کھیلی لیکن ایک مشکل ٹیم ہے۔ پاکستان کے بابر اعظم، شاہین آفریدی اور نسیم شاہ بڑے کھلاڑی ہیں لیکن ہمارے پلیئرز محنت کر رہے ہیں اور بہترین پرفارمنس دیں گے۔ اولی پوپ نے کہا کہ سری لنکا اور پاکستان کی کنڈیشن میں فرق ہے، لیکن کھیلنے کے طریقے وہی ہوتے ہیں۔ ہماری بولنگ میں ورائٹی ہے۔



بقیہ 1

سمیت استعمال کی 13 اشیا گفٹ کی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اجتماعی شادیوں کا دائر کار مزید بڑھانے کی ہدایت کی۔ کابینہ نے پنجاب بھر میں عارضی کاشت کے لئے ایک لاکھ ایکڑ اراضی کو تین اور پانچ سال کیلئے لیز پر بے زمین کاشتکاروں کو الاٹ کرنے کی منظوری دی۔ اجلاس میں پنجاب میں ای بس سروس سکیم کی منظوری دی گئی جس کے تحت پہلے مرحلے میں 27 بسیں آئیں گی۔ ای بسوں کی پارکنگ میں چارجنگ کے لئے 1.2 میگاواٹ کے سولر پینل لگائے جائیں گے۔ پنجاب بھر میں 680 ای بسیں سال کے آخر تک فنکشنل ہوجائیں گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لاہور میں الیکٹرک ٹیکسی سروس کا پلان طلب کرلیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صوبہ بھر میں آٹا اور چکن کے نرخ کی کڑی مانیٹرنگ کا حکم دیا۔ اجلاس کے دوران بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب میں ایک لاکھ 70 ہزار کاشتکاروں کو کسان کارڈ مل گئے۔ دو لاکھ 67 ہزار کاشتکاروں کے لئے کسان کارڈ جاری کر دیئے گئے۔ کسان کارڈ کے لئے 11 لاکھ کاشتکاروں نے اپلائی کیا۔ گرین ٹریکٹر سکیم کے لئے 12 لاکھ درخواستیں وصول کی گئی۔ سات لاکھ درخواست دہندگان کی گرین ٹریکٹرز کے لئے جانچ پڑتال مکمل کر لی گئی۔ اجلاس میں رائیونڈ، چنیوٹ اور سرگودھا میں نئے پاکستان ہاؤسنگ سکیم کے 839 گھر اور فنڈز ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ کو منتقل کرنے کی منظوری دی گئی۔ انسپکٹر، سب انسپکٹر اور اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے عہدوں پر پروموشن کے لئے پانچ سال کی عمر میں رعایت کی منظوری دی گئی۔ گورنمنٹ آف پنجاب کے ہیلی کاپٹر کی سالانہ مرمت کی منظوری دی گئی۔ کابینہ نے شیخوپورہ میں آئل سٹوریج اور دیگر مقاصد کے لئے اراضی آئل سٹوریج پاکستان سٹیٹ آئل کو منتقل کرنے کی منظوری دی۔ ای سٹیمپنگ سسٹم کے ذریعے غیر منقولہ جائیداد کی منتقلی پر ٹیکس کی وصولی کے لیے بورڈ آف ریونیو اور پنجاب بینک کے معاہدہ کی منظوری دی گئی۔ وفاق میں سیڈ سے متعلق بورڈ میں نمائندگی کے لئے منسٹر زراعت اور ٹیکنیکل ممبر کی نامزدگی کی منظوری دی گئی۔ پنجاب ہیلتھ انیشیٹو ز مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی دوبارہ تعیناتی اور نئے ڈائریکٹرز کی خالی آسامیوں پر تعیناتی کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں ٹرشری کیئر ہسپتالوں کی ری ویمپنگ کے لئے سامان اور فرنیچر خریدنے کیلئے 1.7 ارب روپے فنڈز کے اجراء کی منظوری دی گئی۔ پانچ بڑے ہسپتالوں میں ترقیاتی منصوبوں کو سالانہ ترقیاتی پروگرام میں شامل کرنے کی منظوری دی گئی۔ ہیلتھ کیئر کمیشن کے بورڈ آف کمشنر کی تشکیل نو اور محکمہ آبپاشی سے شیئر پنجاب پاور ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کو منتقل کرنے کی منظوری دی گئی۔ وقف انتظامیہ، ٹرسٹ اور کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ 2023ء کے لیگل فریم ورک ڈرافٹ کی منظوری دی گئی۔ پنجاب فرانزک ایکٹ 2007ء کو منسوخ کر کے پنجاب فرانزک سائنس ایکٹ 2024ء کی منظوری دی گئی۔ کابینہ نے ہوم ڈیپارٹمنٹ کے مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے سٹاف کنٹریکٹ میں توسیع کی منظوری دی۔ چائلڈ پروٹیکشن کورٹ لاہور کے لئے پریزائیڈنگ آفیسر کی نامزدگی کی منظوری دی گئی۔ اے کیٹگری پراپرٹی خریدار کے لئے سیل ڈیڈ کے نفاذ کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں پنجاب لوکل گورنمنٹ رولز 2024ء کی منظوری دی گئی اور ہر ضلع میں جوائنٹ لوکل گورنمنٹ اتھارٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ چائلڈ میرج کی روک تھام کے لئے ایکٹ 1929ء میں ترمیم کے لئے اعلیٰ سطح وزراتی کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ لاہور الحمراء میں اجوکا انٹرنیشنل تھیٹر فیسٹیول کے لئے 10 ملین روپے کی گرانٹ کی منظوری دی گئی۔ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ کے سلیکشن بورڈ کے اجلاس کی کارروائی کی منظوری دی گئی۔ پنجاب لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی نامزدگی کی منظوری دی گئی۔ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ اور پی آئی ٹی بی کے درمیان ہیلپ لائن کے معاہدے کے تجدید کی منظوری دی گئی۔ توسیعی فیملی ویلفیئر سنٹرز اینڈ انٹروڈکشن آف کمیونٹی بیس فیملی ورکر 2024-21 کے ملازمین کے کنٹریکٹ میں چھ ماہ توسیع کی منظوری دی گئی۔

بقیہ 2

شرکت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری داخلہ نورالامین مینگل نے کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم سربراہی اجلاس کے پیش نظر سکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے جائیں، پنجاب حکومت اور تمام ادارے مکمل طور پر الرٹ ہیں، فارن نیشنلز کی سکیورٹی کیلئے تمام پروٹوکولز پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، ایس پی یو، سی ٹی ڈی اور دیگر ادارے انٹیلی جنس شیئرنگ ایس او پیز پر عمل کریں۔ اجلاس میں تمام نجی ہوٹلز کیلئے ہوٹل آئی سافٹ ویئر سے منسلک ہونا لازم قرار دیا گیا۔ سیکرٹری داخلہ نے کہا کہ قومی سلامتی اولین ترجیح، امن دشمنوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، شرپسندوں کو شکنجے میں لانے کیلئے موثر سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کیے جائیں۔

بقیہ 3

موٹر وے کوٹ عبدالمالک انٹر چینج کے قریب تیز رفتار بس نے مسافر وین کو ٹکر ماری۔ ریسکیو ذرائع نے بتایا کہ تصادم کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق اور 10 شدید زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والوں کی شناخت 60 سالہ امان خان، 71 سالہ بہرام خان، 73 سالہ حضور محمد، 63 سالہ فرید خان اور 54 سالہ محمد ایوب کے نام سے ہوئی ہے جب کہ زخمیوں اور ڈیڈ باڈیز کو جناح اسپتال منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 4

نظام کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ اپنے ایک بیان میں اقوام متحدہ میں پاکستانی مندوب منیر اکرم نے کہا کہ اقوام متحدہ کا نظام چارٹر کے اصولوں پر عمل سے مضبوط ہوسکتا ہے، لائیک مائنڈڈ گروپ کا موقف ہے گروپ نے یو این چارٹر کی خلاف ورزی کو امن وسلامتی کیلئے سنگین خطرہ قرار دیا ہے۔ منیر اکرم نے کہا کہ ایل ایم جی نے بین الاقوامی مالیاتی نظام میں اصلاحات پر زور دیا، انہوں نے کہا کہ گروپ کا موقف ہے 2030 ایجنڈے پر مذاکراتی عملی تیز کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ گروپ نے پیرس معاہدے کے مطابق ماحولیاتی مالیات کے اضافی پہلو کو کمزور کرنے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ گروپ نے زور دیا ہے کہ تمام پائیدار ترقیاتی اہداف یکساں اہمیت کے حامل ہونے چاہئیں۔ منیر اکرم نے کہا کہ طاقتور ممالک کی حکمت عملی کے مقابلے سے بچتے ہوئے اصلاحات ہونی چاہئیں، تاریخی ناانصافیوں کو دور کیا جانا چاہیے۔ پاکستانی مندوب منیر اکرم کا کہنا تھا کہ اقوام متحدہ سے توقع ہے کہ وہ مالی، تجارتی اور ٹیکس اصلاحات سے متعلق مرکزی کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 5

ایگریکلچر مارکیٹنگ ریگولیٹری اتھارٹی نئے محکمے پرائس کنٹرول اینڈ کموڈیٹیز مینجمنٹ کے ماتحت ہوں گی۔ ڈائریکٹر جنرل کموڈیٹیز، ڈی جی فوڈ اور کین کمشنر پنجاب بھی نئے ڈپارٹمنٹ سے منسلک ہوں گے جبکہ ڈائریکٹر آف ایگریکلچر اکنامک اینڈ مارکیٹنگ، ڈائریکٹر انسٹیٹیوٹ آف ایگریکلچر مارکیٹنگ اور ڈائریکٹر کنزیومر پروٹیکشن کونسل بھی نئے محکمے کے ماتحت کام کریں گے۔ نوٹیفکیشن کے تحت گندم کی خریداری، اسٹوریج اور ریلیز بھی نیا محکمہ کرے گا جبکہ گندم خریداری کیلئے بینکوں سے قرض کے معاملات بھی نیا محکمہ طے کرے گا جبکہ فلور ملز اور شوگر ملز کی ریگولرائیزیشن بھی نیا محکمہ ہی کرے گا۔ صوبائی حکومت کی جانب سے محمد اجمل بھٹی کو نئے محکمے کا سیکرٹری تعینات کردیا گیا ہے۔

بقیہ 6

کا تاثر اب زائل ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دو دن پہلے تک پی ٹی آئی والے جو گالیاں سوشل میڈیا پر حکومت کو پڑواتے تھے اب خود پی ٹی آئی کو پڑ رہی ہیں، پی ٹی آئی کا کارکن مایوس ہو چکا ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی علی امین گنڈاپور کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کریں گے، کیونکہ وہ مستقبل میں علی امین کو اسٹیبلشمنٹ سے تعلقات کی بہتری کیلئے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔

بقیہ 7

چکا ہے فلسطین جیت گیا۔ مرکزی جمعیت اہلحدیث کے تحت فلسطین کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سربراہ جمعیت علما اسلام مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ غزہ کے بچوں، بہنوں، ماں اور بوڑھوں نے قضیہ فلسطین کو زندہ رکھا۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ یورپ میں ہزاروں لوگوں کے سروے میں اسرائیل کو دنیا کے امن کیلئے خطرہ قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم فلسطین کا مقدمہ جیت چکے، اسرائیل شکست کھا چکا ہے، ہم پچاس سال پہلے بھی فلسطین کے ساتھ تھے، پچاس سال بعد بھی آپ کے ساتھ ہوں گے۔ مولانا فضل الرحمان نے بتایا کہ جب لوگ یہاں پر اسرائیل کو تسلیم کرنے کیلئے ترغیب دے رہے تھے تو ہم میدان میں تھے، جب کہا جا رہا تھا کہ مسئلہ فلسطین ایک بھولی ہوئی کہانی ہے تو ہم نے اس مسئلے کو زندہ رکھا۔ ان کا کہنا تھا کہ آپ انسانی حقوق کے بڑے چیمپئن بنتے تھے، آئینہ دیکھیں آپ انسانیت کے قاتل ہیں، مسلم دنیا سے توقع ہے وہ کوئی عملی اقدام کرے، بڑے اسلامی ممالک کا ایک گروپ بنائیں، اپنی سیاسی اور دفاعی حکمت عملی بنائیں۔

بقیہ 8

بار میں وکلا کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ وکلا نے انتہائی اپنائیت سے گفتگو کی ہے، ڈسٹرکٹ بار کی کابینہ کا سب سے بڑا مطالبہ ہائی کورٹ بینچ کا ہے، افتخار چودھری کی بحالی میں پیپلز پارٹی وکلا کے ساتھ ہر محاذ پر شریک ہوئی، افتخار چودھری نے وکلا اور پیپلز پارٹی سے ہاتھ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم آئین کی بحالی کیلئے نکلے، افتخار چودھری سے کوئی سروکار نہیں، مشرف دور میں اٹک میں مجھ پر روزانہ مقدمات درج ہوئے، اندازہ ہوا کہ عدالتی کارروائی میں کتنی خواری ہوتی ہے، ڈسٹرکٹ بار کا ہائی کورٹ بینچ کا مطالبہ بالکل جائز ہے، یہ ملک کی تیسری بڑی بار کے ساتھ زیادتی ہے کہ یہاں ہائی کورٹ بینچ نہیں ہے، وکلا کی جدوجہد کا ساتھی ہوں۔ سردار سلیم حیدر کا کہنا تھا کہ پوری کوشش کروں گا کہ میرے ہاتھوں سے ہائی کورٹ بینچ کا قیام عمل میں آئے، ہر غریب آدمی کیلئے گورنر ہاس کھلا ہے جس کی کوئی بات نہیں سنتا، کہا گیا پیپلز پارٹی کو ووٹ نہیں ملتا، ووٹ ملتا نہیں ہوتا لینا پڑتا ہے، سیاست کے ابتدائی دنوں میں پنجاب اسمبلی کی عقبی نشستوں پر بیٹھ کر ہم گپیں لگاتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں صرف پیپلز پارٹی کو نہیں پوری قوم کو بے حال کر دیا، ہم اپنی آئینی ترامیم کرنا چاہتے تاکہ آئین مضبوط ہے، ہم چاہتے ہیں عدلیہ کے فیصلے ایسے نہ ہوں کہ لوگوں کو پہلے ہی پتہ ہو کہ اس بنچ کا فیصلہ کیا ہوگا، ہم چاہتے ہیں ججز پر کوئی انگلی نہ اٹھا سکے، میرٹ پر فیصلے ہوں۔ گورنر پنجاب کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کسی غیر آئینی ترمیم کا حصہ نہیں بنی، نہ اب بنے گی، ہماری کوئی زد یا انا نہیں ہے، ہماری ایسی کوئی خواہش نہیں کہ ایسی ترمیم کریں جس پر بعد میں پچھتانا پڑے۔

بقیہ 9

آباد کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے چیئرمین جناب آصف سمسم کی قیادت میں نیوٹیک کا دورہ کیا تاکہ تعمیراتی صنعت کے روابط کو نیوٹیک کے ساتھ فکری اور پیشہ ورانہ طور پر مضبوط کیا جاسکے تاکہ مقامی تعمیراتی ٹیکنالوجیز اور مہارتوں کو فروغ دیا جاسکے۔ آباد کی اسپانسرشپ کے تحت، نیوٹیک کراچی میں تعمیراتی صنعت کی تعمیر کے لیے عالمی معیار کی جانچ اور کوالٹی ایشورنس لیب قائم کرے گا جس کا مقصد موجودہ قومی تعمیراتی معیارات کو بین الاقوامی معیار کے مطابق اُٹھانا ہے۔ نیوٹیک تعمیراتی صنعت سے وابستہ افرادی قوت کی مہارت اور پیشہ ورانہ مہارت کو بڑھانے کے لیے ڈیجیٹل لرننگ پلیٹ فارم قائم کرے گا۔ آباد کی قیادت نے نیوٹیک کو اس کے جدید ہنرمندی کی ترقی کے ماڈل کو فروغ دینے میں سہولت فراہم کرنے پر اتفاق کیا جسے تعمیراتی صنعت کام کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے اپنائے گی۔ آباد بی ای ٹی کنسٹرکشن پروگرام کے طلباء کو سپانسر کرے گا اور بیچلر آف سول انجینئرنگ ٹیکنالوجی کے کامیاب گریجویٹس کو ملازمتیں فراہم کرے گا۔ بی ای ٹی پروگرام کے امیدواروں کے ساتھ ساتھ مستقبل کے ملازمین کا انتخاب آباد اور نیوٹیک کی مشترکہ ٹیم 2025 اُٹھیک سے کرے گی۔ کیمپس کے دورے کے دوران، چیئرمین آباد نے جدید ترین سول انجینئرنگ لیبز میں گہری دلچسپی ظاہر کی اور نیوٹیک سے کہا کہ وہ ان لیبز کے ذریعے تعمیراتی صنعت کو ٹیکنالوجی کی مدد فراہم کرے۔ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کے ساتھ، آباد اور نیوٹیک مشترکہ طور پر پاکستان میں تعمیراتی صنعت کے لیے ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کی مقامی ترقی کے لیے اکیڈمک اور ریسرچ سسٹم ڈیزائن کریں گے۔

بقیہ 10

جنرل برائے آپریشنز اور پروگرامز کنگ سلمان ہیومینٹیرین ایڈ اینڈ ریلیف سنٹر، نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسلامی جمہوریہ پاکستان جناب سینیٹر محمد اسحاق ڈار، سعودی عرب کے سفیر برائے پاکستان نواف بن سعید المالکی، نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور پاکستان میں اقوام متحدہ کے مختلف مشنز کے نمائندے اور سربراہان نے شرکت کی۔ اس منصوبے کے تحت نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے لیے قدرتی آفات سے نمٹنے کی صلاحیت کو بہتر بنانے کے لیے ایک قومی لاجسٹک حب تعمیر کیا جائے گا، جو پاکستان بھر میں قدرتی آفات کے دوران امدادی سرگرمیوں میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ مزید برآں، 2022 کے سیلاب سے بے گھر ہونے والے خاندانوں کے لیے 1,000 مستقل مکانات تعمیر خیبر پختونخوا اور پنجاب کے متاثرہ علاقوں میں کی جائیگی۔ ہر مکان میں دو کمرے، ایک باورچی خانہ اور ایک واش روم شامل ہوگا تاکہ متاثرہ خاندانوں کو ایک باوقار اور محفوظ رہائشی ماحول فراہم کیا جاسکے۔ اس کے علاوہ پاکستان بھر میں 300 کمیونٹی فیڈر اسکول تعمیر کیے جائینگے، اس منصوبے میں گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کو خصوصی توجہ دی جائے گی۔ تمام اسکول جدید سہولیات جیسے شمسی توانائی اور صاف پانی کی فراہمی سے آراستہ ہونگے۔ اسکولوں کی تکمیل کے بعد تمام اسکول نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ (NCHD) کے حوالے کردیے جائیں گے، تاکہ طویل مدتی پائیداری اور انتظام کو یقینی بنایا جاسکے۔ ان سکولوں سے تقریباً 15 ہزار بچے مستفید ہونگے۔ یہ منصوبہ بالواسطہ طور پر ایک لاکھ سے زائد افراد کو بھی فائدہ پہنچائے گا۔ ادارہ آزاد کشمیر میں 2005 کے زلزلے سے متاثرہ چار ہائی اسکولوں کی تعمیر نو بھی کریگا۔ یہ اسکول 3,400 طلباء وطالبات کے لیے ایک محفوظ تعلیمی ماحول فراہم کریں گے۔ اس کے علاوہ، 22 اہم منصوبوں کی تزئین و آرائش اور مرمت جن میں اسکول، صحت کے مراکز اور صاف پانی کے منصوبے شامل ہیں کو بھی بہتر بنایا جائے گا۔ ان منصوبوں سے تقریباً 3 لاکھ 60 ہزار افراد کو براہ راست اور 6 لاکھ 90 ہزار افراد کو بالواسطہ فائدہ ہوگا ان منصوبوں کے ذریعے کنگ

شامل کر کے دودھ نما سفید گاڑھا محلول تیار کیا جا رہا تھا۔ جعلی دودھ میں گاڑھا پن اور فیٹ کو پورا کرنے کے لئے سستا ناقص پاوڈر اور گھی استعمال کیا جا رہا تھا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے بتایا صفائی کے ناقص انتظامات، کیڑے مکوڑوں کی بھرمار اور دیواروں پر جالے، فنگس پائی گئی۔ موقع پر کیے گئے ٹیسٹ فیل ہونے پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ تیار جعلی دودھ کو لاہور کی مختلف سوسائٹیز اور ملک شاپس پر سپلائی کیا

نمایاں طور پر متاثر کر رہا ہے، پاور پلانٹس سے منافع کے بارے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ تمام پاور پلانٹس کو صارفین کو فائدہ پہنچانے کے لئے اپنے منافع کے منصوبوں پر نظر ثانی کرنی ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ صنعتی شعبے کو سستی بجلی کی فراہمی بھی حکومت کی ایک اہم توجہ ہے، انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ بجلی کی قیمتوں میں اضافے کی بنیادی وجوہات میں حکمت

آئیسکو نیلور ڈویژن کارکردگی میں سب سے آگے

روزانہ کھلی کچہری لگا کر ایس ڈی او نیلور عوامی مسائل موقع پر حل کرتے ہیں

نیلور ڈویژن سے ڈیفالٹر لوگوں سے پیسے ریکور کرنا اولین ترجیح ہے تاکہ عام عوام پر اسکا بوجھ نہ پڑے

اسلام آباد (حاجی ندیم سے) موجودہ دور میں آفسر کا عوام سے ملنا ہی بڑی بات ہے لیکن آئیسکو کے نیلور ڈویژن میں عوام کے بیچ میں بیٹھ کر مسائل کو ترجیح بنیاد پر حل کرنے والا آفسر پہلی دفع آیا ہے۔ ایس ڈی او انجینئر عدنان گولڈ میڈلسٹ ہونے کے باوجود انتہائی میلنسار آفسر ہے جو نہ صرف مسائل سنتا ہے بلکے مسائل کے حل کے لیے فورا احکامات بھی جاری کرتا ہے۔ عوام کا کہنا ہے کہ ان سے پہلے ایس ڈی او انکی طرح تمیزدار اور ملنسار نا تھے۔ انجینئر عدنان نے عوام کے دل جیتے تو کہی کرپٹ مافیا کو بھی لپیٹ میں لیا اور ایجنٹ سسٹم کو ختم بھی کیا جارہا ہے تاکہ عوام اپنا کام ڈائریکٹ بغیر رشوت کے کروا سکے۔ نیلور ڈویژن بقایاجات کی وجہ سے بھی کافی مشہور تھا جس پر ایس ڈی او نیلور نے ایکشن لیتے ہوئے ڈیفالٹرز کے خلاف علاقے میں سرچ آپریشن کروایا گیا اور موقع پر بجلی بھی بند کی گئی جس کے نتیجہ میں آئیسکو (بقیہ نمبر 26)

محکمہ خزانہ نے لائیوسٹاک کیلئے 4ارب 20 کروڑ جاری کردیئے

سپیشلائزڈ ہیلتھ کو 32ارب، محکمہ پرائمری ہیلتھ کو 1ارب 20 کروڑ روپے جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ نے محکمہ لائیو سٹاک کے شعبے کیلئے 4ارب 20 کروڑ روپے جاری کر دیئے، دیگر محکموں کے لئے بھی بجٹ جاری کر دیا گیا، یہ بجٹ تنخواہوں، بلوں کی ادائیگی، پٹرول اور آپریشنل اخراجات کے لیے مختص کیا گیا ہے۔ ڈویژنل کمشنرز کو سٹاف کے اخراجات کیلئے 28 کروڑ روپے جاری کیے گئے ہیں۔ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ (بقیہ نمبر 27)

راولپنڈی: آئی جے پی روڈ پر انتظامیہ کی جانب سے پیدل کراسنگ کیلئے بنائے گئے پل پر مافیا نے تجاوزات قائم کر رکھی ہیں

صحافی احمد ضمیر پر تھانہ صادق آباد پولیس کا تشدد

حبس بے جا میں رکھا، موبائل بھی چھین لیا، صحافتی تنظیموں کی مذمت

راولپنڈی (عبدالرحمن سے) صحافی احمد ضمیر پر تھانہ صادق آباد پولیس کا تشدد، حبس بے جا میں رکھا، موبائل بھی چھین لیا، تفصیلات کے مطابق ممبر نیشنل پریس کلب اور صحافی احمد ضمیر کے بھائی کو تھانہ صادق آباد پولیس نے ناکے پر روکا، اسی دوران احمد ضمیر بھی موقع پر پہنچ گئے، پولیس نے خلاف ضابطہ کارروائی کرتے ہوئے صحافی اور اُسکے بھائی کو تھانہ منتقل کر دیا، تھانہ میں تشدد کا نشانہ بنایا اور حبس بے جا میں رکھا، صحافی احمد ضمیر نے وزیر داخلہ اور آئی جی سے واقعہ کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے متعلقہ اہلکاروں کیخلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ ادھر صحافیوں کی نمائندہ تنظیم نے بھی پولیس اہلکاروں کے خلاف (بقیہ نمبر 29)

وفاقی حکومت نے بینظیر تعلیمی وظائف کی رقم میں اضافہ کردیا

لاہور (آن لائن) وفاقی حکومت نے بینظیر تعلیمی وظائف کی رقم میں اضافہ کر دیا ہے جس کی ادائیگی یک جنوری 2025 سے کی جائے گی۔ بتایا گیا ہے کہ رقم میں اضافہ کے بعد اس منصوبے سے سرکاری سکولوں کے 60 لاکھ طلباء و طالبات مستفید ہوں گے۔ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ نئی شرح کے مطابق پرائمری کلاس کی طالبات کو 2500 روپے ماہانہ جبکہ طلباء کو 2000 روپے ماہانہ دیا جائے گا۔ اسی طرح سکینڈری کلاس کی طالبات کو 3500 روپے ماہانہ اور طلباء کو 3000 روپے ماہانہ جبکہ ہائر سکینڈری کلاسز کی طالبات کو 4000 روپے اور طلباء کو 3500 روپے ماہانہ وظائف دیے جائیں گے۔

پنجاب بیوروکریسی تقرر و تبادلے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 4 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ محکمہ جنگلات، وائلڈ لائف اینڈ فشریز محمد طارق نسیم کو تبدیل کر کے کنسرویٹر جنگلات ڈیرہ غازی خان تعینات، ڈویژنل فوریسٹ آفیسر محمد حیات حسن کو تبدیل کر کے ایڈیشنل سیکرٹری (ٹیکنیکل) محکمہ جنگلات، وائلڈ لائف اینڈ فشریز تعینات، ڈپٹی ڈائریکٹر (ڈبلیو اینڈ ایف) محکمہ جنگلات، وائلڈ لائف اینڈ فشریز ثناء عروج کو عہدے سے ہٹا کر محکمہ جنگلات رپورٹ کرنے کی ہدایت جبکہ ڈویژنل فوریسٹ آفیسر محمد خرم شہزاد کو تبدیل کر کے ڈپٹی سیکرٹری (ڈبلیو اینڈ ایف) محکمہ جنگلات، وائلڈ لائف اینڈ فشریز تعینات (بقیہ نمبر 28)

چیئرمین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی سفیر جمہوریہ آذربائیجان جناب خضر فرہادوف سے ملاقات کر رہے ہیں

سالٹ رینج میڈیا کلب رجسٹرڈ پنڈ دادن خان کے عہدیداران کا اجلاس

چوہدری محمد سلیم باگڑی نے صدارت کی، فلسطینی بھائیوں سے یکجہتی کا اظہار

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) تفصیلات کے مطابق سالٹ رینج میڈیا کلب رجسٹرڈ پنڈ دادن خان کا ماہانہ اجلاس مقامی ریسٹورنٹ میں منعقد ہوا اجلاس کا اغاز ڈاکٹر سرفراز نے تلاوت کلام پاک سے کیا سی ای او سالٹ رینج میڈیا کلب عبدالوحید نے اجلاس کا ایجنڈا پیش کیا جس میں کلب کے سینئر نائب صدر ملک محبوب جیلانی کی اہلیہ محترمہ کی ناگہانی (بقیہ نمبر 36)

کندھ کوٹ، امن وامان کی بحالی کیلئے شہری ایکشن کمیٹی کی ریلی

کاروباری حضرات دوکاندار اور شہریوں نے تین روز کیلئے شٹر بند ہڑتال کی کال دی

کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ میں امن وامان کی بحالی کے لیے شہری ایکشن کامٹی اور آل پارٹیز موومینٹ کے جانب سے آج چودھویں رات بھی ٹاور چوک سے لابریری چوک تک ھاتھوں میں سفید پرچم اٹھائے ریلی نکالی گئی، یہ ریلی گزشتہ دو ھفتوں سے کندھ کوٹ کے شہریوں کو بھتے کے پرچیاں بھیجنے پر شروع ہوئے جو مسلسل روزانہ کے بنیاد پر کبھی مشعل تو کبھی سفید جھنڈیاں اٹھا کر احتجاج رکارڈ کروایا جاتا ھے ڈاکوں کے (بقیہ نمبر 37)

چیف ایگزیکٹو آفیسر پاکستان ریلویز عامر علی بلوچ ای کچہری میں مسافروں اور عوام الناس کے سوالوں کے جواب دیتے ہوئے

3400 لٹر تیار جعلی دودھ تلف، مقدمات درج

2 سپلائر ٹینکر، 48 کلو گھی، 45 کلو پاؤڈر، چلر، ڈرم، پلنجر، مکسنگ مشینیں، پمپ اور وزن کانٹے ضبط

ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں کا جگنہ سنگھ اور ارزانی پور گاؤں میں گرینڈ آپریشن

پاؤڈر اور ممنوعہ کیمیکلز کی ملاوٹ سے تیار دودھ تلف کر کے تمام مال ضبط کرلیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی

لاہور (سی ایم لنکس) لاہوریوں کو جعلی دودھ سپلائی کرنے والا مافیا پنجاب فوڈ اتھارٹی کے شکنجے میں آگئے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں کا جگنہ سنگھ اور ارزانی پور گاؤں میں گرینڈ آپریشن کے دوران 3400 لٹر تیار جعلی دودھ تلف کر کے مقدمات درج کروا دیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق کارروائیوں کے دوران 2 سپلائر ٹینکر، 48 کلو گھی، 45 کلو پاؤڈر، چلر، ڈرم، پلنجر، مکسنگ مشینیں، پمپ اور وزن کانٹے ضبط کرلی گئیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے بتایا کہ پاؤڈر اور ممنوعہ کیمیکلز کی ملاوٹ سے تیار دودھ تلف کر کے تمام مال (بقیہ نمبر 38)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف لاہور ڈویلپمنٹ پلان پر پیش رفت کا جائزہ لینے سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

میجر ریٹائرڈ طارق محمود اعوان کی تحریریں علم کا خزانہ ہیں

مطالعہ جذبات اور خیالات کو سمجھنے کی صلاحیت عطاء کرتا ہے، محمد توفیق

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) مطالعہ جذبات اور خیالات کو سمجھنے کی صلاحیت عطاء کرتا ہے۔ وراثت کا حق تحریر سے ادا ہوتا ہے۔ میجر ریٹائرڈ طارق محمود اعوان کی تحریریں علم کا خزانہ ہیں۔ چوہدری تبارک ٹیکسلا کا فخر ہے جس نے حسن ابدال سے کراچی تک میراتھن ریس سے حاصل ہونے والی فنڈنگ کو شعبہ تعلیم پر خرچ کرنے کا عزم کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پی۔او۔ایف کے سابق سپورٹس ڈائریکٹر محمد توفیق نے میجر ریٹائرڈ طارق محمود اعوان (بقیہ نمبر 39)

کمشنر راولپنڈی عامر خٹک کے زیر صدارت انسداد ڈینگی اجلاس

ڈینگی سے بچاؤ کیلئے عوام اپنے گھروں کو صاف رکھیں اور بخار کی صورت میں فوری ہسپتال رجوع کریں

ڈینگی وائرس کے شدید ویریئنٹ سے بچنے کے لئے مریض کی ہسپتال میں فوری رپورٹنگ انتہائی ضروری ہے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک کے زیر صدارت انسداد ڈینگی اجلاس اجلاس میں تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، ڈویژنل ہیڈز اور محکمہ صحت کے افسران کی شرکت محکمہ صحت کی جانب سے تازہ ترین صورتحال پر بریفنگ محکمہ صحت کے ساتھ مل کر تمام محکمے ڈینگی کے خلاف نبرد آزما ہیں۔ انجینئر عامر خٹک ڈینگی وائرس کے شدید ویریئنٹ سے بچنے کے لئے مریض (بقیہ نمبر 30)

قیدیوں کی خوارک کیلئے 6 ماہ کا راشن خریدنے کا فیصلہ

مجموعی طور پر 90 ہزار 600 من آٹا خریدا جائے گا، محکمہ جیل خانہ جات

لاہور (آن لائن) محکمہ جیل خانہ جات نے لاہور سمیت پنجاب بھر کی جیلوں میں بند قیدیوں کی خوارک کے لیے 6 ماہ کا راشن خریدنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ 51 کروڑ روپے کی لاگت سے خریدے جانے والے راشن میں آٹا، دالوں سمیت خورد ونوش کی 22 آئٹمز شامل ہیں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ محکمہ جیل خانہ جات ان جیلوں کے لیے 3 ماہ کی مدت تک استعمال ہونے والا آٹا خریدے گا مجموعی طور پر 90 ہزار 600 من آٹا خریدا جائے گا جبکہ (بقیہ نمبر 31)

پاکستان سے غیر ملکی سرمایہ کاری کا اخراج نہیں ہو رہا

کچھ غیر ملکی کمپنیوں کی جگہ نئے کمپنیوں کو لایا جا رہا ہے، عارف حبیب کی ریسرچ رپورٹ

کراچی (آن لائن) پاکستان میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کا اخراج نہیں ہو رہا ہے بلکہ ایک ایسی پیشرفت ہو رہی ہے، جس میں کمپنیوں کے اندر ملکیت میں تبدیلیاں دیکھی جا رہی ہیں۔ بروکریج ہاؤس عارف حبیب لمیٹڈ نے اپنی ریسرچ رپورٹ میں بتایا کہ کچھ غیر ملکی کمپنیوں کی جگہ نئے کمپنیوں کو لایا جا رہا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ 18 ماہ کے دوران 11 کمپنیاں ملک چھوڑ چکی ہیں یا چھوڑنے کا اشارہ دے چکی ہیں لیکن سب سے (بقیہ نمبر 33)

اسرائیل نے غزہ کو 42 ملین ٹن ملبے کے ڈھیر میں تبدیل کردیا

اقوام متحدہ کے سیٹلائٹ سینٹر 365 مربع کلومیٹر زمین کی سیٹلائٹ تصاویر کا تجزیہ

نیویارک (آن لائن) سیٹلائٹ امیجز سے پتہ چلتا ہے کہ کس طرح غزہ کو ایک سال میں ملبے کے ڈھیر میں تبدیل کیا گیا جس میں اب تک 42 ہزار سے زائد فلسطینی شہید اور 98 ہزار کے قریب زخمی ہو چکے ہیں۔ 7 اکتوبر 2023 کو، حماس کے جنگجو پیرا گلائیڈرز کی مدد سے اسرائیل میں داخل ہوئے اور آپریشن الاقصی فلڈ انجام دیا جس میں 1500 اسرائیلی (بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد: وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ سے بیجنگ کمپنی کے نمائندے ملاقات کر رہے ہیں

لیموں کی صنعت کا فروغ، پاکستان، چین میں معاہدہ طے

اسلام آباد (انٹرنیوز) پاکستان اور چین میں لیموں کی صنعت کو فروغ دینے کا معاہدہ طے پا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اور چین کے درمیان لیموں کی صنعت کو فروغ دینے کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد اور ہواز ہونگ ایگریکلچرل یونیورسٹی ووہان نے 30 ستمبر کو ایک تقریب میں سٹرس روٹ سٹاک اور سیئن بڈ ووڈ کیلئے میٹریل ٹرانسفر ایگریمنٹ کے معاہدے پر دستخط (بقیہ نمبر 32)

حکومت کو آئی پی پیز کے خلاف تحقیقات میں مزاحمت کا سامنا

ٹاسک فورس نے متعدد آئی پی پیز کی غلط بیانی پکڑ لیں، حکومتی ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) حکومت کو آئی پی پیز کے خلاف تحقیقات میں مزاحمت کا سامنا ہے اور اس ضمن میں بنائی گئی ٹاسک فورس نے متعدد آئی پی پیز کی غلط بیانی پکڑ لی ہیں۔ حکومتی ذرائع کے مطابق کئی آئی پی پیز کا منافع 20 گنا سے بڑھ چکا ہے، متعدد آئی پی پیز نے دوران تحقیقات منافع سے متعلق غلط بیانی کی، کئی آئی پی پیز نے 15 فیصد منافع سے متعلق غلط بیانی کی۔ حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ متعدد آئی پی پیز نے سرمایہ کاری کے نام پر حکومت (بقیہ نمبر 40)

سرگودہا، 28 اکتوبر سے یکم نومبر تک پانچ روزہ انسداد پولیو مہم جاری رہے گی

سرگودہا (این این آئی) ضلع سرگودہا میں 28 اکتوبر سے یکم نومبر تک پانچ روزہ انسداد پولیو مہم جاری رہے گی۔ جس کے لئے محکمہ صحت کو متحرک کر کے ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں۔ ذرائع کے مطابق ضلع سرگودہا پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ محمد ارشد وٹو کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں بتایا گیا کہ 28 اکتوبر سے یکم نومبر تک پانچ روزہ مہم کے دوران سات لاکھ 9 ہزار 266 پانچ سال (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی: ٹریفک پولیس اہلکار لفٹر کے ذریعے نو پارکنگ میں کھڑی گاڑی اٹھا رہا

ایک ہی خاندان کے 13 افراد کی ہلاکت کا معمہ حل

پسند کی شادی نہ کرانے پر بیٹی نے زہر دیکر پورے خاندان کو قتل کیا

خیر پور (آن لائن) پیر جو گوٹھ میں ایک ہی خاندان کے 13 افراد کی ہلاکت کا معمہ حل ہوگیا۔ پولیس کے مطابق پیر جو گوٹھ پولیس نے 13 افراد کے قتل کے الزام میں لڑکی اور اس کے ساتھی کو گرفتار کرلیا، پسند کی شادی نہ کرانے پر بیٹی نے زہر دیکر پورے خاندان کو قتل کیا۔ پولیس نے بتایا کہ ملزمہ شائستہ اور امیر بخش بروہی نے آٹے میں زہر ملا کر کھلانے کا اعتراف کرلیا، ملزمان کے ابتدائی بیان کے مطابق پسند کی شادی کرنا چاہتے تھے لیکن خاندان والے رضامند نہیں تھے۔ ملزمہ نے اپنے ویڈیو بیان میں کہا امیر بخش زہر لیکر آیا تھا۔ پولیس کے مطابق (بقیہ نمبر 41)

کراچی پورٹ پر ٹیکس فراڈ کا بڑا نیٹ ورک پکڑا گیا

ضبط سامان میں مشین پارٹس، الیکٹرانک سامان اور ایلومینیم شیٹس شامل

کراچی (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) پوسٹ کلیئرنس آڈٹ ساؤتھ نے کراچی انٹرنیشنل کنٹینر ٹرمینل اور پورٹ قاسم ٹرمینل پر کارروائیاں کیں جن کے دوران ٹیکس فراڈ کا بڑا نیٹ ورک پکڑا گیا، دوران نجی کمپنی کے ڈائریکٹر کو گرفتار کر کے دونوں بندرگاہوں سے 80 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا چوری شدہ سامان ضبط کر لیا گیا ہے۔ ضبط سامان میں مشین پارٹس، الیکٹرانک (بقیہ نمبر 42)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ڈونگ یونیورسٹی کا روبوٹک ایس ٹی ایس کے وفد کیساتھ نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی کا دورہ

ایم ایس اور پی ایچ ڈی پروگرامز کیلئے انٹرویوز' کوریا میں ملازمت کے مواقع بھی فراہم کئے جائینگے

کوریا کی حکومت اور ڈونگ یونیورسٹی کے درمیان مشترکہ منصوبے کے ذریعے دستیاب ملازمت کے مواقع کو اُجاگر کیا

اسلام آباد (عبدالرحمان سے) کورین ڈونگ یونیورسٹی نے روبوٹک ایس ٹی ایس وفد کے ساتھ نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر کہا گیا کہ نیوٹیک بیرون ملک روزگار کو فروغ دینے والے تعلیمی ادارے کے طور پر کام کر رہی ہے۔ نیوٹیک ماہرین تعلیم، تحقیق اور ہنر پر مبنی پیشہ ورانہ ڈگری پروگراموں میں سہولت فراہم کرنے کیلئے کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ صنعت میں نیوٹیک (بقیہ نمبر 43)

لاہور: وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین سے نانبائی ایسوسی ایشن کے نمائندگان ملاقات کر رہے ہیں

بجلی کے نرخوں میں کمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہے ہیں: اویس لغاری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ حکومت بجلی کے نرخوں میں کمی اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر سردار اویس خان لغاری نے کہا کہ حکومت اس وقت باہمی افہام و تفہیم کے ذریعے پاور پلانٹس اور خود مختار پاور پروڈیوسرز (IPPs) کے ساتھ معاہدوں کا جائزہ لے رہی ہے، پاور سیکٹر کئی مسائل سے نبرد آزما ہے خاص طور پر آئی پی پی کے معاہدوں (بقیہ نمبر 44)

چین کی جانب سے شیل گیس کے ذخائر کی تلاش

شیل اور ٹائٹ گیس کی صلاحیت کو فروغ دینے کے لیے ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں پیٹرولیم کے نئے ذخائر دریافت کرنے کے لیے ایس آئی ایف سی حکومت کو مکمل معاونت فراہم کر رہی ہے۔ اسی سلسلے میں پاکستان کی آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ اور چائنا سینٹرل ڈپازٹری اینڈ کلیئرنگ کمپنی نے پاکستان کی شیل اور ٹائٹ گیس کی صلاحیت کو فروغ دینے کے لیے ایک مفاہمتی یادداشت پر (بقیہ نمبر 45)

پنجاب پولیس میں منسٹریل کیڈر کے افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس میں منسٹریل کیڈر کے افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ سالہا سال سے ایک ہی جگہ پر تعینات 21 اسسٹنٹ ڈائریکٹرز اور آفس سپرنٹنڈنٹ کے تبادلے کئے گئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق محمد امتیاز کو اسسٹنٹ ڈائریکٹر پی ایچ پی ہیڈ کوارٹر لاہور، محمد نصیب ناز کو اسسٹنٹ ڈائریکٹر سپیشل برانچ ہیڈ کوارٹر لاہور، محمد رمضان کو اسسٹنٹ ڈائریکٹر ڈی (بقیہ نمبر 47)

ظالم باپ کا بیٹے پر بہیمانہ تشدد، رسیوں سے باندھ کر قید کرلیا

پولیس نے ظالم باپ کے خلاف مقدمہ درج کرکے اسے گرفتار کرلیا

لاہور (این این آئی) ظالم باپ نے اپنے بیٹے پر بہیمانہ تشدد کرتے ہوئے اسے رسیوں سے باندھ کر قید کرلیا۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی میں بچے پر بہیمانہ تشدد کی اطلاع کی کال موصول ہوئی، جس میں کالر نے بتایا کہ والد نے اپنے بیٹے کو رسیوں سے باندھ کر کمرے میں بند کر رکھا ہے۔ بچے کی چیخ و پکار سن کر ہمسایے نے (بقیہ نمبر 46)

چیئرپرسن ٹاسک فورس برائے پرائس کنٹرول پنجاب سلمیٰ بٹ کا راولپنڈی کا دورہ

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حسان طارق نے پرائس کنٹرول کے حوالے سے کیے گئے عملی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی

مہنگائی پر قابو پانے کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب نے محکمہ پرائس کنٹرول سپلائی اینڈ ڈیمانڈ کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے، سلمیٰ بٹ

لاہور: پارلیمانی سیکرٹری برائے ہاؤسنگ بیرسٹر سلطان باجوہ کا سٹیزن فیسلامیشن سنٹر کے اچانک دورے کے موقع پر ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق بریفنگ دے رہے ہیں۔(

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) چیئر پرسن ٹاسک فورس برائے پرائس کنٹرول پنجاب سلمیٰ بٹ کا راولپنڈی کا دورہ چیئر پرسن پرائس ٹاسک فورس کی زیر صدارت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کا اجلاس اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس راولپنڈی میں منعقد ہوا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حسان طارق نے پرائس کنٹرول کے حوالے سے کیے گئے عملی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی اولین ترجیح عوام کو ہر ممکنہ ریلیف فراہم کرنا ہے۔ چیئر پرسن ٹاسک فورس پنجاب سلمیٰ بٹ مہنگائی پر قابو پانے (بقیہ نمبر 48)

کے الیکٹرک صارفین پر ایک روپے 59 پیسے فی یونٹ کا اضافی بوجھ ڈال دیا گیا

اکتوبر میں صارفین ایک روپے 59 پیسے فی یونٹ اضافی ادا کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) کے الیکٹرک صارفین پر ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کے بوجھ میں مزید اضافہ کر دیا گیا، اکتوبر میں صارفین ایک روپے 59 پیسے فی یونٹ اضافی ادا کریں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کے الیکٹرک صارفین پر ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کے (بقیہ نمبر 49)

شہداد کوٹ، بھائی کی فائرنگ سے بہن اور نوجوان جاں بحق

شہداد کوٹ (آن لائن) سندھ کے ضلع شہداد کوٹ کے علاقے میرو خان میں بھائی کی فائرنگ سے بہن اور نوجوان جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جاں بحق افراد کی پیرانی مگسی اور مٹھل چانڈیو کے ناموں سے شناخت ہوئی ہے، پیرانی مگسی فصل کی کٹائی کر رہی تھی کہ ملزم نے فائرنگ کر دی جس سے دونوں موقع پر دم توڑ گئے۔ پولیس کا بتانا ہے کہ مقتولین کی لاشیں تحصیل ہسپتال منتقل کر دی گئیں جبکہ وحید مگسی نامی ملزم (بقیہ نمبر 50)

میکسیکو میں عہدہ سنبھالنے کے 6 دن بعد میئر کو قتل کر دیا گیا

واٹس ایپ پر میسج میں ایک پک اپ ٹرک کے اوپر ان کا کٹا ہوا سر رکھ کر دکھایا گیا

چلپانسنگو (آن لائن) میکسیکو کے شہر چلپانسنگو (Chilpancingo) کے میئر کو عہدہ سنبھالنے کے 6 دن بعد قتل کر دیا گیا۔ الیجینڈرو آرکوس میکسیکو کی تشدد زدہ ریاست گوریرو کے دارالحکومت کے میئر تھے۔ ریاستی گورنر ایولین سلگاڈو نے انکی موت کی تصدیق کر دی۔ چلپانسنگو جو کہ میکسیکو کے جنوب مغرب میں واقع ہے اور شہر کی آبادی لگ بھگ دو لاکھ اسی ہزار ہے۔ گورنر ایولین سلگاڈو نے کہا کہ میئر کی موت نے پورے (بقیہ نمبر 51)

پی آئی اے کا ٹورنٹو کیلئے ٹکٹوں میں 15 فیصد رعایت کا اعلان

اسلام آباد (آئی آئی پی) قومی ایئر لائن (پی آئی اے) نے ٹورنٹو کیلئے ٹکٹوں میں 15 فیصد رعایت کا اعلان کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاکستان سے ٹورنٹو جانے والے مسافروں کیلئے پاکستان ایئر لائنز نے خوشخبری سناتے ہوئے بڑی رعایت کا اعلان کر دیا۔ پی آئی اے کے مطابق ٹکٹوں میں 15 فیصد رعایت کا فائدہ مسافر 15 اکتوبر تک اٹھا سکیں گے اور 15 اکتوبر تک بک کروائی گئی ٹکٹیں 20 دسمبر 2024 تک سفر کیلئے استعمال کی جا سکیں (بقیہ نمبر 52)

لاہور نیشنل ڈیزاسٹر پریپلینس ڈے کے حوالے سے ایمرجنسی سروسز اکیڈمی میں منعقدہ تقریب میں شرکاء 2005 کے زلزلہ کے شہداء کے لئے دعا کر رہے ہیں

علی امین گنڈا پور کی فلاپ سٹوری پر کوئی یقین نہیں کر رہا، عظمیٰ بخاری

''گینگ آف کالا چور'' کا چیلا پارٹی کارکنوں میں ''مظلوم بچہ'' بننے کی ناکام کوشش کر رہا' وزیر اطلاعات پنجاب

ہر ہفتے پنجاب اور وفاق پر چڑھائی کرنے کی بجائے اپنے صوبے کی عوام پر رحم کھائیں، اگر صوبہ چلانے کے قابل نہیں ہیں تو پختونخواہ کی جان چھوڑیں

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ علی امین گنڈا پور کی فلاپ سٹوری پر اسکے اپنے لوگ یقین نہیں کر رہے ہیں، ''گینگ آف کالا چور'' کا چیلا پارٹی کارکنوں میں ''مظلوم بچہ'' بننے کی ناکام کوشش کر رہا۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈا پور کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نواز شریف کے بھائی وزیر اعظم ہیں اور بیٹی وزیر اعلیٰ پنجاب ہیں، نواز شریف کے بغض میں جلتے آپکا لیڈر اڈیالہ جیل میں پہنچ گیا ہے، نواز شریف پاکستان (بقیہ نمبر 54)

کار سوار انتہا پسندوں نے مسلم خاندان کو تعاقب کے بعد کچل دیا

حادثے میں ماں اور دو بچیاں جاں بحق' باپ اور بیٹا شدید زخمی' معجزانہ طور پر بچ گئے

ممبئی (آن لائن) بھارتی ریاست مہاراشٹر میں موٹر سائیکل پر جانے والے مسلمان میاں اور بیوی اور ان کے 3 بچوں کو نشے میں دھت انتہا پسندوں نے تلخ کلامی کے بعد تعاقب کیا اور موقع دیکھ کر کچل ڈالا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ٹکر سے موٹر سائیکل گر گئی اور تیز رفتار کار نے مسلمان خاندان کو کچل دیا۔ 35 سالہ صادق شیخ اور 6 سالہ بیٹا معجزانہ طور پر بچ گئے۔ تاہم صادق شیخ کی اہلیہ اور دیگر دو بچے موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ زندہ بچ جانے والے صادق شیخ اور ان کے بیٹے کو بھی شدید چوٹیں آئی ہیں۔ جنھیں ہسپتال میں طبی امداد دی گئی۔ صادق شیخ نے میڈیا کو بتایا کہ کار سوار انتہا پسند نشے میں تھے اور میں نے اس پر انھیں ٹوکا بھی تھا لیکن (بقیہ نمبر 53)